خطیبؔ گلشن آبادی

قلب پر چھائی ہے جس کے ہیبت پروردگار
اس کو دامن میں لیے ہے رحمت پروردگار

(ش۱۴،ص۶۰۲)

اے طلسماتِ زمانہ کے حکیم
صرف تیری ذات ہے اس کی علیم

(ش۱۴،ص۶۰۳)

خلیلؔ احمد، انجینئر

خدا قہرِ وحشت سے مانوس کر دے
کلامِ ہدایت کو سینے میں بھر دے

(ش۱۱،ص۱۲۳)

خلیلؔ، خلیل خان، علامہ مفتی

نام کی بھی نہیں کوئی نیکی
ہاں گناہوں کا بار ہے یارب

(ش۱۱،ص۱۲۴)

خمارؔ، قمر، ڈاکٹر

مجھ کو یہ فخر ہے کہ تو میرا خدا ہُوا
اعزاز ہے مرا کہ میں بندہ ترا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۳۱)

خورشیدؔ احمد

مدحت کے لیے یارب وہ حسن بیاں دے دے
جو قطرۂ شبنم کو دریا کا نشاں دے دے

(ش۱۱،ص۱۲۵)

خیالؔ آفاقی، پروفیسر

تری حمد کیا میں کروں بیاں ترا شکر کیسے ادا کروں
تیرا وصف خود ہے تری ثنا، تری اور کیا میں ثنا کروں

(ش۳،ص۱۷۰)

تو نے جو چیز بھی کوئی بخشی
میرے معبود خوب ہی بخشی

(ش۶،ص۲۸۳)

خلوتِ غارِ حرا میں رازداں تو ہی تو تھا
جلوت گاہِ صفا پر بھی عیاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۵)

ہے مشتِ خاک حمد سرا تیری ذات کا
یہ بھی ہے اک کرشمہ ترے التفات کا

(ش۱۰،ص۲۲۷)

مرے سخن کو حقیقت کا ترجماں کردے
مرے اللہ مجھے صاحب زباں کردے

(ش۱۱،ص۱۲۶)

عکس آئینہ ہے کس کی زیب و زینت کا ثبوت
تیری قدرت، تیری صنعت تیری عظمت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۵۴)

زمیں سے عرش تک کیا کیا بنائے ہیں جہاں تو نے
مرے شانوں پہ رکھا ہے مگر بار اماں تو نے

(ش۱۲،ص۳۱۵)

خیالؔ، احمد

شمس و قمر ہیں پُر ضیا تیرے جمال کے سبب
دل ہے مرا بھی آئینہ تیرے خیال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۶)

خیالؔ، رفیق

وہ نور جسدِ خاک میں مرے خدا اتار دے
جو منتشر حیات اور عاقبت سنوار دے

(ش۱۱،ص۱۲۷)

داراؔ، طفیل

یارب! مرے قلم سے کسی کا برا نہ ہو
سوچوں سے آدمی کی محبت جدا نہ ہو

(ش۱۱،ص۲۱۴/ش۱۴،ص۵۵۹)

اگرچہ بے کس و بے بال و پر ہوں
تری قربت میں دنیا سے نڈر ہوں

(ش۱۴،ص۵۵۸)

دلؔ، امان خاں

سب کچھ ہمیں نصیب ہے تیرا دیا ہوا
یارب! تری عطا سے ہے دامن بھرا ہوا

(ش۱۲،ص۲۱۱)

دلنواز عارف، بیگم

میرے خدا تیرے سوا رب جہاں کوئی نہیں
تو نے عطا جو کچھ کیا اس کا بیاں کوئی نہیں

(ش۴،ص۲۴۶)

ذکی عثمانی

انساں طواف کرتا رہے کائنات کا
ادراک ہے محال مگر تیری ذات کا

(ش۱۰،ص۲۲۶)

سب کچھ ہوا مگر یہ دریچہ نہ وا ہوا
وہ آج بھی ہے سب کی نظر سے چھپا ہوا

(ش۱۲،ص۲۱۰)

دن میں بھی وہ یکتا ہے وہ ہے رات میں یکتا
وہ ذات کہ ہے اپنی ہر اک بات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۴)

بنائی یہ زمیں تو نے بنایا آسماں تو نے
دیا ہے فرش پیروں کو سروں کو سائباں تو نے

(ش۱۲،ص۳۱۸)

ذکی قریشی

اے خدا چشم کرم صل علیٰ کے واسطے
حضرتِ احمد محمد مصطفیٰؐ کے واسطے

(ش۱۱،ص۱۲۸۔۱۲۹)

راحت الہ آبادی

ذکر پروردگار کرتا ہوں
بس یہی کاروبار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۰)

راحت، بھگونت رائے

مظہر عشق باخدا ہو دل
مصدرِ صدمۂ جفا ہو دل

(ش۱۱،ص۱۳۰)

راحت، حمیرا

شہر دل میرا جس دن جلا اے خدا
مجھ کو تھا بس تیرا آسرا

(ش۱۱،ص۱۳۱)

رازی، فخر الدین

اے خدائے دوجہاں فریاد رس
نالۂ دلگیر میری ہے جرس

(ش۱۱،ص۱۳۲)

راسخ عرفانی، مولانا

نور و نکہت فلق فلق تیرے
رنگ پھیلے شفق شفق تیرے

(ش۲،ش۲۳۲)

تو کرم کیش ہے تقصیر و خطا کام مرا
تیری بخشش سے ہے کم ظرف میرا جام مرا

(ش۱۱،ص۱۳۳)

راشد، محمد ممتاز

ہر جگہ جو حمد خوانی ہے تری
میرے مالک مہربانی ہے تری

(ش۵،ص۱۹۲)

راشد نور

مری دعا کے لیے اس کا باب ہے ایسا
نہیں شمار کوئی بے حساب ہے ایسا

(ش ا،ص ۲۷۷)

راغب مراد آبادی

میرے افکار میں تو ہے مرے اقرار میں تو
نفی و اثبات کے پیرایۂ اظہار میں تو

(ش ۲،ص ۱۷۹)

دعا روحِ بشر نورِ خدا ہے
یہ قول، طاہرِ حق بھی بجا ہے

(ش ۱۲،ص ۱۷۴)

راغب! مجھے مراد ملے مدعا ملے
توفیق حمدِ خالق ارض و سما ملے

(ش ۱۲،ص ۲۶۶)

محتاج وہ کسی کا نہیں بے نیاز ہے
محتاج اس کی ذات کے شاہ و گدا ملے

(ش ۱۴،ص ۵۹۸)

راقم کھوکھر، ایم۔اے۔

تو نے پتھر کو زندگی بخشی
ذرے ذرے کو روشنی بخشی

(ش ۶،ص ۳۰۴)

رحمان خاور

خدائے پاک یہاں کا وہاں کا مالک تو
کھلا یہ ہے ہم پہ کہ ہے دوجہاں کا مالک تو

(ش ۵،ص ۱۵۴)

رحمان کیانی

الٰہی تجھے واسطہ ہے نبیؐ کا
حسینؓ و حسنؓ فاطمہؓ و علیؓ کا

(ش ۱۱،ص ۱۳۴)

رزمی شاہ جہاں پوری

ایک دریا رواں ہے رحمت کا
ہے یہ عالم تری عنایت کا

(ش ۲،ص ۲۳۱)

رسا لکھنوی

ہادیٔ دین ہدیٰ، اب وقت ہے امداد کا
بحر ظلمت میں ہے بیڑا امت ناشاد کا

(ش ۱۱،ص ۱۳۵)

رشک ترابی

الٰہ العالمینا کارسازا مشفقا! سن لے
دعائے روسیاہ از طفیلِ مصطفیٰﷺ سن لے

(ش ۱۱،ص ۱۳۶)

رشید گھاٹم پوری، رشید احمد

دل میں تو آنکھ میں تو روح کے اسرار میں تو
منظرِ شام میں تو صبح کے انوار میں تو

(ش ۲،ص ۲۲۴)

کبھی رب کی حمد کروں بیاں کبھی وردِ صل علیٰ کروں
جو ملے حیات خضر مجھے تو اسے میں صرف ثنا کروں

(ش ۳،ص ۱۹۹)

رشید وارثی

روز و شب نخلِ اطاعت کی نمو کرتے رہو
شہر جاں کے یوں درخشاں کاخ و کو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۱۵)

مظہر ذات رہا سید ابرار میں تو
جلوہ شان میں تو اسوۂ کردار میں تو

(ش۲،ص۱۸۴)

زبان دی ہے تو حرف ثنا بھی دے یا رب
جمالِ اسم محمدﷺ دکھا بھی دے یا رب

(ش۱۱،ص۱۳۷)

رضا خان قادری محدث بریلوی، احمد، امام

یاالٰہی! ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہ مشکل کشا کا ساتھ ہو

(ش۱۰،ص۲۳۸/ش۱۱،ص۱۳۸/ش۱۸،ص۱۰۸۷/ش۱۹،ص۱۵۔۱۶)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْکَوْنِ وَالْبَشَرْ
حَمْداً یَدُوْمُ دَوَاماً غَیْرَ مُنْحَصَرْ

(ش۱۹،ص۱۴)

رضا مرادآبادی، محمد سلیمان

روح کو روشنی ملی تیرے جمال کے سبب
کرتا ہوں میں تری ثنا تیرے خیال کے سبب

(ش۱۰،ص۲۰۲)

رضی حیدر، خواجہ

اس نور کی قائم ہے دل پر مرے سلطانی
جس نور کا خالق تو، جو نور ہے لافانی

(ش۱،ص۲۷۴)

میری گفتار میں تو ہے مرے اظہار میں تو
شعلۂ طور بھی رکھ دے مرے اشعار میں تو

(ش۲،ص۱۸۸۔۱۹۱)

تیری یکتائی کے ہر رخ سے لکھا یا باقی
کوئی باقی ہی نہیں تیرے سوا یا باقی

(ش۱۰،ص۹/ش۱۱،ص۱۳۹۔۱۴۰)

رضی عظیم آبادی

ترا ذکر عظیم ہے یہی سوچتا ہوں کہ کیا کروں
میں جہانِ حرف کا بے ہنر ترا شکر کیسے ادا کروں

(ش۳،ص۱۸۳)

رضیہ سبحان قریشی

الٰہی! دولت علم و عمل دے
محبت سے دھڑکتا ایک دل دے

(ش۱۱،ص۱۴۱)

رفیق عزیزی، سید

غنچہ و گل میں نہاں رونما اثمار میں تو
ریگ صحرا میں ہے موجود تو اشجار میں تو

(ش۲،ص۱۸۰)

رفیق مغل، محمد

میرے خدایا ایسا کچھ اہتمام کر دے
ترے در پہ آسکوں میں مرا انتظام کر دے

(ش۱۱،ص۱۴۲۔۱۴۳)

ہر طرف جلوہ نما ہے تیری وحدت کا ثبوت
مجھ سا عاجز حمد کہدے ہے نہ رحمت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۲)

رمزؔ، محمد عثمان

کلام حمد خدا لا الٰہ الا ھو
ثنائے رب علیٰ لا الٰہ الا ھو

(ش۲،ص۲۴۸)

روحیؔ، ریحانہ

بن دیکھے بھی دکھائی دے اللہ سائیں
بے آواز سنائی دے اللہ سائیں

(ش۴،ص۲۴۳)

روشؔ بدایونی

الٰہ انّی اُرید طواف بیت الحرام
مرے الٰہ اسی آستاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۷)

چاند میں حسن ہے سورج میں بھی برنائی ہے
عالم آرائی نہیں ہے یہ خود آرائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۷)

رب کعبہ مستعان و مہرباں تو ہی تو تھا
آسماں پر مصطفےٰ کا میزباں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۱۳)

یہ کہہ کے رات پتنگے نے سر کو دے پٹکا
فروغ شعلہ ہر شمع داں بھی اس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۲۲)

رئیسؔ احمد

شب کے چاک دامن کو رفو کرتے رہو
ضرب الا اللہ سے سورج نمو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۸)

مسجد و منبر و محراب میں مینار میں تو
گنبد ذات میں تو ذات کے اسرار میں تو

(ش۲،ص۲۲۰)

رئیسؔ وارثی

شوق افزا ہے مری کاوش اظہار میں تو
بوئے تخلیق بسا دیتا ہے فنکار میں تو

(ش۲،ص۱۹۵)

یارب عطا ہو شمع حقیقت کی روشنی
اترے سوادِ جاں میں ہدایت کی روشنی

(ش۱۰،ص۲۴۸/ش۱۱،ص۱۴۴)

ریاضؔ احمد نقشبندی

تو لا شریک ہے کون و مکاں کا مالک تو
ہر اک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۷۹)

ریاضؔ الدین سہرودی، علامہ

ہر گھڑی ہر سانس رب کی جستجو کرتے رہو
سو بسو اس کے کرم کی گفتگو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۱۰)

ساری دنیا میں ہر اک سمت ہے چرچا تیرا
ذرے ذرے میں نظر آتا ہے جلوہ تیرا

(ش۳،ص۲۳۰)

ریاضؔ حسین چودھری

قریۂ جاں میں کھلیں حمد و ستائش کے علم
صرف زیبا ہے تری ذات کو جاہ و حشم

(ش۵،ص۱۸۸)

ستاروں کو پازیبِ زر دینے والے
چراغوں کو بجھنے کا ڈر دینے والے

(ش۱۱،ص۱۴۵۔۱۴۶)

پشیماں ہے ازل سے اس لیے لوح گماں میری
نہیں توصیف کے قابل قلم میرا زباں میری

(ش۱۷،ص۱۷۶)

ریاض زیدی

اے دوجہاں کے مالک و مختار المدد
اے بیکسوں کے والی و غمخوار المدد

(ش۱۱،ص۱۴۷)

ریاض مجید، ڈاکٹر

عبادت دوستوں، ذکر آشناؤں میں ستارے
وہ ہستی بانٹتی ہے جب اداؤں میں ستارے

(ش۱،ص۲۴۶)

جب سے ہے دل ثنا سے فروزاں قدم قدم
آواز میری روشنی ساماں قدم قدم

(ش۵،ص۱۸۷)

نہیں کوئی ہے جس کے کرم کی کوئی بھی حد اس نے
ہمیشہ کی ہے مری غیب سے مدد اس نے

(ش۱۰،ص۹)

پیش نظر ہے باب حرم، اللہ الصمد
عاصی پہ اتنا لطف و کرم، اللہ الصمد

(ش۱۷،ص۱۲۲)

ریحان کراچوی

اوّل و آخریں خالقِ دوجہاں
تیرا ثانی نہیں خالقِ دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۷۲)

راہِ حق اختیار کرتا ہوں
تیرے بندوں سے پیار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۸)

ہیں بحر و بر رونقیں حسن خیال کے سبب
شمس و قمر ہیں پُر ضیا تیرے جمال کے سبب

(ش۱۰،ص۲۰۱)

ہر گماں تھا بعد میں پہلا گماں تو ہی تو تھا
چونکہ میرے ذہن و دل کے درمیاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۱۴)

مقروض نعمتوں کا تری اس حیات کا
کیسے چکاؤں قرض ترے التفات کا

(ش۱۰،ص۲۳۵)

مجھ کو تو وہ قوت بینائی دے
آدمی کا قلب بھی دکھلائی دے

(ش۱۱،ص۱۴۸)

ذات سے اُن کی مِلا ہم کو حقیقت کا ثبوت
جن کی ذات پاک خود ہے اُس کی قدرت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۷)

لکھوں جو کچھ تو اس سے ماورا ہے
احاطے میں کہاں حمد و ثنا ہے

(ش۱۲،ص۱۹۱)

رحمت سے اس رحیم کی مجھ کو عطا ہُوا
قرطاس پہ جو حرفِ ثنا ہے لکھا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۳۴)

ہاں دن کے اجالے میں سیہ رات میں یکتا
پایا ہے تجھے تیری ہر اک بات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۶۳)

زبیر حیدری

تو قدیر ہے تو قدیم ہے، تو کبیر ہے تو عظیم ہے
تو خبیر ہے تُو علیم ہے، ترا فیض کُل پہ عمیم ہے

(ش۱۱،ص۱۴۹۔۱۵۰)

زبیری لکھنوی، اثر

دل و جاں کو پھر محرمِ راز کردے
الٰہی محبت کا دمساز کردے

(ش۱۱،ص۷تا۸)

زرّیں چغتائی، شوکت، ڈاکٹر

جواں رکھ سدا میرے افکار کو
بڑھادے عزائم کی رفتار کو

(ش۱۱،ص۱۵۱)

زماں سہرابی

سجی ہوئی ہر اک چیز کس سلیقے سے
بتا رہا ہے جہاں ہے جہاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۷۵)

زیدی، شہزاد

گر تمنا ہے ہمیشہ گفتگو کرتے رہو
ہر گھڑی ہر سانس رب کی جستجو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۳۰)

ساجد امروہوی

یوں حیات مجھ سے وفا کرے یوں حیات سے میں وفا کروں
جو ملے حیات خضر مجھے تو اسے میں صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۱۹۶)

آؤ مل کر خدا سے عرض کریں
اپنا اپنا ادا یہ قرض کریں

(ش۱۱،ص۱۵۲)

تو ربِّ دوجہان ہے جب سے پتا ہُوا
یارب ترے حضور ہے ہر سر جھکا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۲۹)

مصروفِ حمد جب کبھی مرا قلم ہُوا
مجھ پر میرے خدا کا مکمل کرم ہُوا

(ش۱۲،ص۳۰۱)

ساجد مرادآبادی

مصروفِ حمد جب کبھی مرا قلم ہوا
قرطاس حمد اس کے جمالوں سے جم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۳)

ساجد رضوی

اے خدا! مجھ کو یہ سعادت دے
جذبۂ بندگی و طاعت دے

(ش۱۱،ص۱۵۳)

ساجد وارثی

ساکنِ لامکاں خالقِ کائنات
ہجر ہے بے کراں خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۷۱)

شکرِ پروردگار کرتا ہوں
یہ عمل بار بار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۴)

تیرگی نور کے دھارے میں سمٹ آئی ہے
تیرے جلووں سے منور مری تنہائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۷)

ساحرؔ شیوی

لامکاں اور یہ مکاں کس کے
ہیں زمیں اور آسماں کس کے

(ش۱،ص۲۶۴)

پانی میں پون میں تو اے ربِّ کائنات
صحرا میں باغ بن میں تو اے ربِّ کائنات

(ش۲،ص۲۵۸)

ساغرؔ، امتیاز

ابتدائے کلام سے پہلے
ہر نئی صبح و شام سے پہلے

(ش۳،ص۱۵۸۔۱۶۵)

ہجرت گزیدہ آنکھوں کو اذنِ وصال دے
یا کائناتِ غم مری جھولی میں ڈال دے

(ش۱۱،ص۱۵۴)

ساقیؔ، رشید

تو نے جس کو قبولیت بخشی
وجہِ تسکیں ہے وہ دعا مجھ کو

(ش۱۱،ص۱۵۵)

ساقیؔ، عبدالحمید

جس کو ترے کرم کا سہارا عطا ہُوا
وہ دوسروں کا خود ہے سہارا بنا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۱۵)

ساگرؔ، محمد عبیداللہ

جس طرف آنکھ اٹھے نازش بینائی ہے
سارے عالم میں تری انجمن آرائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۲)

سارے اسباب کا تو ہے یکتا سبب خالقِ کائنات
پوری کرتا ہے تو سب کی جائز طلب خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۳)

زیست کو پُر وقار کرتا ہوں
تیری رحمت شمار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۹)

روشن مرا خیال ہے تیرے خیال کے سبب
شائستہ کمال ہے تیرے کمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۵)

جب نہ تھا کوئی مکین لامکاں تو ہی تو تھا
موجۂ انوار میں مولا رواں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۹)

اک میں ہی کیا ہر ایک کرم آشنا ہُوا
یارب ترے کرم سے جہاں ہے سجا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۲۷)

ممکن نہیں بیان خدا کی صفات کا
روشن ہے جس کے نور سے رخ کائنات کا

(ش۱۰،ص۲۳۱)

کوئی ہے کہاں تو ہے مگر ذات میں یکتا
بھٹکے ہوئے لوگوں کی ہدایت میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۶)

سائلؔ فدائی، محمد حسین وارثی

حیات و موت بہار و خزاں کا مالک تو
ہر اک چیز ہے تیری جہاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۷۳)

ستّارؔ، جاوید اقبال

ایک سورج اچھال دے مولا
میری دنیا اجال دے مولا

(ش۱۱،ص۱۵۶)

ستّارؔ وارثی

یقین تیرے کرم پر ہے اس قدر مولا
ہے حرف حرف مرا حرف معتبر مولا

(ش۱،ص۲۳۸)

مجھ پہ اتنا تو کرم خالقِ اکبر کردے
ان کے جلووں سے مرا قلب منوّر کردے

(ش۳،ص۲۱۸/ش۱۱،ص۱۵۹)

اے خطا پوش و کریم و کارساز و کردگار
ہر طرف سن کر جہاں میں تیری رحمت کی پکار

(ش۱۱،ص۱۵۷تا۱۵۸)

سجّادؔ مرزا

کر دور سبھی اس کی بلائیں مرے مولا
اس دیس پہ آفات نہ آئیں مرے مولا

(ش۱۱،ص۱۶۰)

سحرؔ، حسین، پروفیسر

چاند کو زیبائی، سورج کو دمک دیتا ہے کون؟
آسماں کو سات رنگوں کی دھنک دیتا ہے کون؟

(ش۲،ص۲۴۹)

اے ربِّ دوجہاں! یہ ہماری ہے التجا
مقبولِ بارگہ ہو ہماری ہر اک دعا

(ش۱۱،ص۱۶۱)

سحرؔ، نسیم

یقین کرنا مجھے مشکل نہیں ہے اس کی وحدت پر
کہ میں اب تک تو خود اپنے ہی ثانی تک نہیں پہنچا

(ش۱،ص۲۸۰)

سخنؔ، سجاد

عالمِ ہو میں پسِ ظلمت نہاں تو ہی تو تھا
کون تھا قبل از زمین و آسماں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۳)

ہجومِ غم ہے احساسِ خوشی سوغات میں دے دے
اندھیروں میں گھرے ہیں روشنی سوغات میں دے دے

(ش۱۱،ص۱۶۲/ش۱۴،ص۵۸۷)

شعورِ حمد دیا فکر کو نکھار دیا
ترا کرم کہ مری ذات کو سنوار دیا

(ش۱۴،ص۵۸۶)

سرشارؔ صدیقی

نئے لہجے میں بصد عجز و ندامت لکھوں
صرف اشکوں کی زباں میں تری مدحت لکھوں

(ش۳،ص۲۱۹)

سروؔر اکبرآبادی، ڈاکٹر

زندگی کو بندگی سے سرخرو کرتے رہو
عظمتِ ربِّ عُلا کی گفتگو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۱۸)

جگمگاتا ہے کہیں حسن سحر کار میں تو
مسکراتا ہے کبھی عشق کے پندار میں تو

(ش۲،ص۱۹۶)

سروؔر بجنوری

یارب! تیرے نغمے گاؤں
دل میں تیری یاد بساؤں

(ش۱۱،ص۱۶۳)

سروؔر لاہوری، مفتی

ہاتھ پھیلائے رہو ہر دم دعا کے واسطے
اور کھلی رکھو زباں حمد و ثنا کے واسطے

(ش۱۱،ص۱۶۴/ش۱۴،ص۵۴۹)

بندہ کی آپ سنتا ہے حق بار بار عرض
سائل کرے گر ایک گھڑی میں ہزار عرض

(ش۱۱،ص۱۶۵)

کرے گا نکتۂ وحدت کی کوئی کیا تشریح
ہو جس کی واحد مطلق ہی جانتا تشریح

(ش۱۴،ص۵۴۸)

سعدؔ، سعد الدین

تمہید تیرے نام کی یارب ذرا ملے
اِک آرزو یہی ہے مجھے راستہ ملے

(ش۱۲،ص۲۸۲)

سعیدؔ نقشبندی دہلوی

چاند تاروں میں چمک اور گل و گلزار میں تو
شمع میں نور ترا لمعۂ رخسار میں تو

(ش۲،ص۲۱۵)

ملی چار دن کی ہے زندگی اسے حمدِ رب پہ فدا کروں
جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے بھی صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۲۰۱)

تو لاشریک ہے کون و مکاں کا مالک تو
کلی کا پھول کا ہر گلستاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۷۴)

تو نے ہر ایک کو خودی بخشی
چند لوگوں کو بیخودی بخشی

(ش۶،ص۲۹۷)

مدد کر الٰہی غضب ہو رہا ہے
نہ ہونا تھا جو کچھ وہ سب ہو رہا ہے

(ش۱۱،ص۱۶۶)

برتر ہے خدا اپنے کمالات میں یکتا
جز اُس کے نہیں کوئی بھی درجات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۶۱)

سعیدؔ وارثی

اس کے سارے کام نرالے
خود ہی مارے خود ہی جِلائے

(ش۲،ص۲۴۲۔۲۴۳)

مدحتِ شاہِ دوعالمؐ کا سلیقہ دے دے
میرے مالک مجھے جبریلؑ کا لہجہ دے دے

(ش۱۱،ص۱۶۷)

سعدیہؔ روشن صدیقی

اسی مقصد سے فدائی چاہوں
میں فقط نعت سرائی چاہوں

(ش۵،ص۲۱۷)

سکندرؔ لکھنوی

تو خالق و ستّار ہے رحمان ہے یارب
بندوں کی خطا پوشی تری شان ہے یارب

(ش۳،ص۲۱۶)

اپنے پیارے نبی کی امت پر پھر کرم بے نیاز ہوجائے
ہم نکمّے خطا شعاروں پر فضل بندہ نواز ہوجائے

(ش۱۱،ص۱۶۸)

سلامؔ، علامہ

الٰہی! نزع کا دم سہل تر ہو
الٰہی! خاتمہ ایمان پر ہو

(ش۱۱،ص۱۶۹)

سلطانؔ میاں شیر سجانی، محمد، مخدوم شاہ

حق کی تجلیوں سے معمور ہے خدائی
کثرت میں ہو رہی ہے وحدت کی رونمائی

(ش۱،ص۳)

سلطانیؔ، محمد کمال میاں جیلی، الحاج صوفی شاہ

روز و شب بس یار ہی کی گفتگو کرتے رہو
اپنی ہستی کو بھلا کر تو ہی تو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۴)

تو نہاں خانۂ دل پردۂ اظہار میں تو
گل کی نکہت میں عیاں پرتو ہر خار میں تو

(ش۲،ص۱۹۹)

سلیمان ندوی، سید

صدقِ احساس کی دولت مرے مولا دے دے
غمِ امروز بھلا دے غمِ فردا دے دے

(ش۱۱،ص۱۷۱)

سلیمانی، سید یوسف علی، خواجہ حافظ

تیرے ہونے کا کھلا راز ہے میرا ہونا
میرے ہونے ہی نے ثابت کیا تیرا ہونا

(ش۲،ص۲۳۲)

سلیم کوثر

اس سے پہلے کہ یہ دنیا مجھے رسوا کردے
تو میرے جسم مری روح کو اچھا کردے

(ش۱۱،ص۱۷۰)

سوداؔ، محمد رفیع

خدایا دے تو اپنے عشق کا درد
عنایت کر دلِ گرم و دمِ سرد

(ش۱۱،ص۱۷۳)

سہیلؔ غازی پوری

رب نے گل کو شگفتگی بخشی
ساتھ ہی ساتھ سادگی بخشی

(ش۶،ص۲۷۶)

میں گرجاتا مرے اللہ نے مجھ کو سنبھالا ہے
وہ سب کے دل کی سنتا ہے نہایت رحم والا ہے

(ش۷،ص۸)

رحمتِ کُل کو بھیجا ہے تو نے یہاں خالقِ دوجہاں
تو غریبوں پہ ہے کس قدر مہرباں خالقِ دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۶۰)

کھولی گئی کہاں زباں خوفِ جلال کے سبب
پھر بھی ہوا وہ مہرباں دستِ سوال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۰)

اے خدائے لم یزل، اے مہرباں تو ہی تو تھا
جس نے آتش کو بنایا گلستاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۴)

دامن چھٹے نہ مدرسۂ دینیات کا
رستہ دکھا دیا ہے خدا نے نجات کا

(ش۱۰،ص۲۲۳)

یارب مرے بچّے کو سرکارؐ کا سایہ دے
چاندی کا بھی چمچہ دے سونے کا کٹورا دے

(ش۱۱،ص۱۷۴)

مولا ترے کرم سے یہ دل کیا سے کیا ہوا
پتھر مثال تھا مگر اب آئینہ ہوا

(ش۱۲،ص۲۰۰)

یارب زباں کو لذتِ حرفِ دعا ملے
تیرے کرم سے بابِ دعا بھی کُھلا ملے

(ش۱۲،ص۲۶۷)

جس شخصِ کم ترین پہ تیرا کرم ہُوا
فی الفور وہ تو محرمِ جاہ و حشم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۸۶)

خدائے لم یزل دل کو دیا سوزِ نہاں تو نے
یہ کیسی چیز دے دی صورتِ آتش فشاں تو نے

(ش۱۲،ص۳۰۹)

سیّدہ بی بی رقیہ کاظمی قادری

ماڑھے تابِی جے ہو جُلّے توڑ ہی مربانی اللہ جی!
بنڑ گیساں جُھلّی جیھی توڑ ہی دیوانی اللہ جی!

(ش۲،ص۲۷۴۔۲۷۶)

سیّدہ نازنین اصغر کاظمی

تو نے پتھر کو زندگی بخشی
پھول پتوں کو تازگی بخشی

(ش۶،ص۳۱۱)

سیمابؔ اکبرآبادی، علامہ

بت میں بھی دیکھتا ہوں اسی خود نما کو میں
اب سجدہ برہمن کو کروں یا خدا کو میں

(ش۲،ص۲۲۸)

سیمابے بی

کرم مانگتی ہوں عطا مانگتی ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتی ہوں

(ش۱۱،ص۱۷۲)

شادؔ، غفار

مرادل جو ہے ترا غم کدہ، اسی غم کدے میں جلا کروں
نہ شفا کی ہو مجھے آرزو، نہ دوا کروں، نہ دعا کروں

(ش۳،ص۱۸۱)

قلب کو ذہن کو کر مرے شاداں
کر عطا نطق کو میرے وصفِ بیاں

(ش۱۰،ص۱۶۱)

حرمِ جاں میں جو یہ انجمن آرائی ہے
رنگ و انوار ترے ہیں، تری رعنائی ہے

(ش۱۰،ص۱۴۸)

جب بھی آغازِ کار کرتا ہوں
حرف کو بھی گلزار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۷)

ادراک کس سے ہوسکے تیری صفات کا
یہ سلسلہ چلے گا یونہی واجبات کا

(ش۱۰،ص۲۲۹)

نامِ خدا کرم بھی عجب ماسوا ہُوا
میں زندگی میں جب بھی اسیرِ بلا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۸)

شآد، سرکشن پرشاد

یہ تمنا ہے مرے دل میں دکھا دے یارب
مژدہ راحتِ جاں جلد سنا دے یارب

(ش۱۱،ص۱۷۵)

الٰہی دے قلم کو وہ روانی
کہ دریا شرم سے ہو پانی پانی

(ش۱۱،ص۱۷۶)

شارؔق بلیاوی

تیرا ہی نورِ خاص ہے جوہر حیات کا
پرتو ہے یہ جہان ترے اسم ذات کا

(ش۱۰،ص۲۲۹)

گم گشتہ و منزل ہیں رستہ ہمیں دکھلا دے
یارب غمِ ہستی سے ٹکرانے کا یارا دے

(ش۱۱،ص۱۷۷)

گردشِ سیارگاں ہے تیری حکمت کا ثبوت
جب حقیقت آئینہ ہو کیا حقیقت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۱)

میں جب کبھی بھی مائلِ حمد و ثنا ہُوا
در تیری رحمتوں کا اُسی لمحہ وا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۱۷)

شارؔق، شفیق الدین

حمدِ رب کرتے رہو اللہ ہو، کرتے رہو
شارؔق اپنی مغفرت کی آرزو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۱۹)

جب نہ محجوب رہا پردۂ انوار میں تو
جلوہ افروز ہوا منظر اظہار میں تو

(ش۲،ص۱۸۵۔۱۸۶)

وہ مجھے ہدایت خیر دے میں خدا کی حمد کہا کروں
سو تمام دھڑکنیں دل کی شارؔق اسی سے حرف و صدا کروں

(ش۳،ص۱۷۴)

معجزے دے کے دوا اور دعا دونوں کے
چارہ گر بھیج کوئی اپنے مسیحا کی طرح

(ش۱۱،ص۱۷۸)

شاعرؔ، شاعر علی

هم نے دیکھا سدا نور چمکا تیرا
ہر جگہ ہر گھڑی خالقِ دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۷۲)

اس کے بندوں سے پیار کرتا ہوں
شکرِ پروردگار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۸)

عکسِ جمالِ کبریا، وصف و کمال کے سبب
شمس و قمر ہیں پُر ضیا تیرے جمال کے سبب

(ش۱۰،ص۲۰۰)

لشکرِ نوری کا میرِ کارواں تو ہی تو تھا
کن سے پہلے کون تھا اے لامکاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۱۱)

کیا کیا بیاں ہم سے ہو اعلیٰ صفات کا
نورِ خدا ہی حسن ہے اس کائنات کا

(ش۱۰،ص۲۳۵)

حسنِ عمل کا پیکر ہم کو بنا دے یارب!
سیرت پہ مصطفیٰؐ کی ہم کو چلا دے یارب!

(ش۱۱،ص۱۷۹/ش۱۴،ص۶۱۱)

یاالٰہی! تو نے بخشا علم و حکمت کا ثبوت
ہے ہماری کامیابی تجھ سے نسبت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۶)

کرشمہ ہے خدا کا معجزہ ہے
ہر اک جاں کو اُسی کا آسرا ہے

(ش۱۲،ص۱۹۲)

دل میں، جگر میں، جان میں غنچہ کھلا ہُوا
ایمان کا تجھی سے ہے گلشن سجا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۳۵/ش۱۴،ص۶۱۰)

زمیں بھی اس کی ہے اور آسماں بھی اس کا ہے
نظر سے آگے مری لامکاں بھی اس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۲۲)

شاکرؔ گورکھپوری

سن لے یارب مری دعا سن لے
دلِ غمگیں کا ماجرا سن لے

(ش۱۱،ص۱۸۰)

شاکرؔ کنڈان

ملے نطق ایسا زبان کو کہ فقط میں ذکرِ خدا کروں
سبھی دائروں سے نکل کے اک ترے در پہ آ کے صدا کروں

(ش۳،ص۱۸۴)

شانؔ، وزیر احمد

ہر اک موسم کو کیسے اک نیا سرگم سکھاتی ہیں
ہوائیں جانے موسیقی کہاں سے مانگ لاتی ہیں

(ش۵،ص۲۰۸)

شاہدؔ الوری

چھپائے رکھ مرے عیبوں کو یاستّار یااللہ
معاصی سے بچالے مجھ کو یاغفّار یااللہ

(ش۱۱،ص۱۸۱)

شاہدؔ، محمد ہارون صدیقی

میرے اللہ اے مرے مولا
تجھ سے دُنیا ہے تجھ سے ہے عقبیٰ

(ش۵،ص۲۰۶)

شاہدہؔ لطیف

تیرے سوا کچھ بھی نہیں
میرے خدا کچھ بھی نہیں

(ش۴،ص۲۴۲)

شاہینؔ، محمد اقبال

حمد لیل و نہار کرتا ہوں
اے خدا بار بار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۳)

دنیا کا حکمران ہے اپنے کمال کے سبب
عالم پہ مہربان ہے اپنی مثال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۷)

اب کیوں خیال آئے ہمیں حفظِ ذات کا
وہ پیش رو ہے راہ گزارِ حیات کا

(ش۱۰،ص۲۳۶)

جس طرح سے قرآن ہے آیات میں یکتا
اس طرح خدا اپنی عبادات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۹)

شفقؔ صدیقی

جس نے مسلم کو روشنی بخشی
اُس نے کافر کو تیرگی بخشی

(ش۶،ص۲۸۶)

شفیعؔ اسٹیل والا، محمد، حاجی

مانا کہ عقل سے ہے بالا مقام تیرا
میری زبان پر ہے اللہ نام تیرا

(ش۲،ص۲۵۲)

شفیعؔ عطارقادری، محمد

شمع میں نور ترا لمعۂ رخسار میں تو
صورت نور ہے ہر پردۂ انوار میں تو

(ش۲،ص۲۲۳)

تو رحیم ہے تو کریم ہے تیرا شکر کیسے ادا کروں
جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے میں صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۲۰۲)

ہے یقیں رحمت تری چشمِ کرم بن جائے گی
یہ دعا بھی ایک ضرب دردِ غم بن جائے گی

(ش۱۱،ص۱۸۲)

بے ستوں قائم فلک ہے تیری قدرت کا ثبوت
چاند سورج سے عیاں ہے تیری عظمت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۷۱)

شفیقؔ بریلوی، شفیق احمد

صرف انساں کو یہ عروج دیا
ساری خلقت پہ برتری بخشی

(ش۶،ص۲۸۲)

ہے گل خوش رنگ ہی خود اپنی حکمت کا ثبوت
اور ہے اللہ تو خود اپنی وحدت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۵۲)

پریشاں اب بہت ہی دل مرا ہے
مدد درکار تجھ سے اے خدا ہے

(ش۱۲،ص۱۷۹)

شفیق آصف

شہرِ سخن میں مجھ کو بھی اوجِ کمال دے
جذبوں کی روشنی سے مرا دل اجال دے

(ش۱۱،ص۱۸۳)

شفیق احمد فاروقی

دعاؤں میں میری اثر دے الٰہی
مرادوں سے دامن کو بھر دے الٰہی

(ش۱۱،ص۱۸۴۔۱۸۵/ش۱۸،ص۱۰۹۰)

مدینے میں ہم کو بسادے الٰہی
مقدر ہمارے جگا دے الٰہی

(ش۱۱،ص۱۸۵۔۱۸۷)

شمس افتخاری

باغِ دل کو بہار دے مولا
زیست میری نکھار دے مولا

(ش۱۱،ص۱۸۸)

شمس ملیح آبادی

جلوہ آرائی ہے، یارب تری صناعی ہے
ذرّے ذرّے میں نمایاں تری رعنائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۴)

ہے خدا فرقان تیرا تیری عظمت کا ثبوت
اور زمین و آسماں ہیں تیری قدرت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۳)

داورِ کن فکاں خالق دوجہاں
خالقِ انس و جاں خالق دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۶۸)

اے خدا تجھ سے پیار کرتا ہوں
تجھ پہ ہی اعتبار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۲)

سارا جہاں ہے ضوفشاں، تیرے جمال کے سبب
غنچوں میں آب و تاب ہے، تیرے کمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۸)

قبل خلقت مہرباں، اے مہرباں تو ہی تو تھا
جب نہ تھے ارض و سما ربِ جہاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۱۰)

یہ مہر و ماہ بھی اس کے جہاں بھی اس کا ہے
زمیں بھی اُس کی ہے، اور آسماں بھی اس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۲۰)

کوئی شریکِ کار نہیں تیری ذات کا
تو ربِّ ذوالجلال ہے کل کائنات کا

(ش۱۰،ص۲۳۳)

کسی کاراز کب اس سے چھپا ہے
دلوں کی کیفیت پہچانتا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۸)

سب کچھ ہمیں ترا ہی ہے یارب دیا ہُوا
جز تیرے اور کس سے ہمارا بھلا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۲۳)

تو باکمال ہے اور اپنی ذات میں یکتا
کہ لاشریک بھی اور کائنات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۷)

اے کاش مجھ کو میری دعا کا صلہ ملے
جنت ملے ملے نہیں حق کی رضا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۹)

مصروفِ حمد شمسؔ مرا بھی قلم ہُوا
مجھ پر مرے خدا کا بڑا ہی کرم ہُوا

(ش۱۲،ص۳۰۵)

شمسؔ وارثی،سید

عیاں پہ تیرا ہے قبضہ نہاں کا مالک تو
یہ بات حق ہے کہ کون و مکاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۵۳)

شمع صدیقی

میرے الفاظ کو وسعت میں سمندر کردے
میرے افکار سے ہر نفس کو ششدر کردے

(ش۱۱،ص۱۸۹)

شمیم عثمان، پروفیسر،مسز

حسنِ ازل ہے ضوفشاں حدِ نگاہ تک مری
وسعت بحرِ بیکراں حدِ نگاہ تک مری

(ش۴،ص۲۴۰)

شوذبؔ کاظمی

اے خدا! ملکِ قائدؒ سلامت رہے
لوح عالم پہ ثبت اس کی عزت رہے

(ش۱۱،ص۱۹۲)

شورشؔ کاشمیری

کلیدِ حمد و ثنا لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ
خلاصہ ہائے دُعا لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ

(ش۷،ص۸)

شوقؔی، وجاہت

میں ملتزم پر خدائے برتر سے گڑا گڑا کر یہ کہہ رہا ہوں
معاف کردے، معاف کردے، معاف کردے، معاف کردے

(ش۱۱،ص۱۹۳)

شوکتؔ الہ آبادی

خداوندا مجھے ہمت عطا ہو
مجھے ایمان کی قوت عطا ہو

(ش۱۱،ص۱۹۰)

شوکتؔ قادری

اے خدا کر دے عطا کچھ اپنی مدحت کا کمال
میرے فکر و فن میں بھی پیدا ہو وسعت کا کمال

(ش۱۱،ص۱۹۱)

شہزادؔ احمد

اپنا عاشق بنا دیجیے
بزمِ عرفاں سجا دیجیے

(ش۱۱،ص۱۹۴)

شہزادؔ زیدی

ثنا لکھوں میں تری مجھ میں اتنی تاب نہیں
جو ختم ہوسکے مجھ سے یہ وہ کتاب نہیں

(ش۱،ص۲۸۴)

شمع میں نور ترا لمعۂ رخسار میں تو
صورت نور ہے ہر پردۂ انوار میں تو

(ش۲،ص۲۲۳)

ہرایک لمحہ لکھا کروں ہرایک لمحہ پڑھا کروں
جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے میں صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۲۰۵)

ہر اک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو
ہر اک نہاں کا خدا اور عیاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۸۱)

کچھ کے ذہنوں کو روشنی بخشی
سب کے ذہنوں کو تازگی بخشی

(ش۶،ص۳۱۲)

شیبا حیدری

رہوں جب تلک میں جہان میں ترے نام ہی کو جپا کروں
جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے میں صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۱۹۸/ش۱۴،ص۵۷۶)

تجھ سے رہتی ہے سدا جگ میں
ملتجی شیبا حیدری اللہ

(ش۱۴،ص۵۷۷)

شیدا جبلپوری

تو ربِّ ہر دوعالم خالق ہے تیرا نام
اک لفظ کن سے کیا کیا خلقت ہے کام تیرا

(ش۱،ص۲۳۷)

اے خدا رکھتا ہوں امیدِ نجات
ہو مری جانب نگاہِ التفات

(ش۱۱،ص۱۹۵۔۱۹۶)

عمر بھر غافل عبادت سے رہا
بے خبر تیری اطاعت سے رہا

(ش۱۱،ص۱۹۷)

صابر براری

مصحفِ حق کی تلاوت باوضو کرتے رہو
شکر رب کی نعمتوں کا سو بہ سو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۱۴)

جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے میں صرفِ ثنا کروں
اسی فکر میں گم رہا کروں یونہی خود کو حق آشنا کروں

(ش۳،ص۱۷۳)

تو نے یارب یہ دلکشی بخشی
ہم کو دنیا ہری بھری بخشی

(ش۶،ص۲۷۵)

صابر بن ذوقی

اپنے احکام کی پیروی کر عطا
لائقِ بندگی زندگی کر عطا

(ش۱۱،ص۱۹۸)

صابر کاسگنجوی

ایمان اور یقین کی دولت نصیب ہو
یارب ہمیں نبیؐ کی محبت نصیب ہو

(ش۱۷،ص۲۲۸)

صائمہ اسماء

جب انتظارِ سحر میں نگاہ تھک جائے
اندھیری شب میں جو دل بے قرار ہوجائے

(ش۴،ص۲۴۱)

صبا اکبرآبادی

اے ساقی الطاف خو اللہ ہو
لانا ذرا جام و سبو اللہ ہو اللہ ہو

(ش۱،ص۲۳۵/ش۹،ص۴۴۔۴۵)

تیرے ہی در پہ کیا جاتا ہے ہر اک سجدا
کوئی معبود زمانے میں نہیں تیرے سوا

(ش۹،ص۴۶)

اے ربِّ کائنات میں عصیاں شعار ہوں
بازار زندگی میں زرِ کم عیار ہوں

(ش۹،ص۴۸۔۴۹)

پروردگار میری دعا کو اثر ملے
تیرہ شبیٔ درد کو نورِ سحر ملے

(ش۱۱،ص۱۹۹۔۲۰۰/ش۱۴،ص۶۰۹)

محبّت ساری دنیا کی مٹا دے
الٰہی دل کو عشقِ مصطفٰے دے

(ش۱۱،ص۲۰۱۔۲۰۲/ش۱۰،ص۲۳۹۔۲۴۰)

اے کہ تیری ذات ہے وہم و تخیّل سے بری
پستیٔ افکار سے ثابت ہے تیری برتری

(ش۱۴،ص۶۰۸)

صبیح رحمانی، سید صبیح الدین

حاضر ہیں ترے دربار میں ہم اللہ کرم اللہ کرم
دیتی ہے صدا یہ چشمِ نم اللہ کرم اللہ کرم

(ش۱،ص۲۸۵/ش۱۱،ص۲۰۳)

حوصلہ دے فکر کو اور بارشِ فیضان کر
ہے ثنا تیری بہت مشکل اسے آسان کر

(ش۳،ص۲۲۳)

صدیق فتحپوری

رونقِ شام میں تو صبح کے آثار میں تو
جلوہ ہر جا ہے ترا، طور پہ تو غار میں تو

(ش۲،ص۲۰۴)

مکیں مکان گُل و گلستاں کا مالک تو
ہراک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۰)

فہم و ادراک و آگہی بخشی
تونے انساں کو سروری بخشی

(ش۶،ص۲۸۸)

ذکر لیل و نہار کرتا ہوں
شکر پروردگار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۵)

کبھی ختم ہو نہ یہ سلسلہ تو سنا کرے میں کہا کروں
ترا سنگِ در ہو مری جبیں اسی فکر میں، میں رہا کروں

(ش۳،ص۱۷۹)

رنگ، نکہت و گلستاں کا مالک ہے خالقِ کائنات
ارض و سما دوجہاں کا مالک ہے خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۲)

ہم ہیں نشاں سے بے نشاں اپنے زوال کے سبب
یارب تو لازوال ہے من لم یزال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۲)

تیری خلاّقی کا تیری حاکمیت کا ثبوت
ذرّہ ذرّہ دے رہا ہے تیری وحدت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۵۶)

تحت الثریٰ ہی اس کا مقدر سدا ہُوا
کب اٹھ سکا ہے تیری نظر سے گرا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۲۰)

اس جیسا کہاں ارض و سماوات میں یکتا
وہ ذات جو ہے اپنی ہر اک بات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۳)

صدیقی، احمد صغیر

پتھروں کو بھی نمی دیتا ہے
سب کو توفیق وہی دیتا ہے

(ش۵،ص۱۹۸)

صدیقیؔ، عبدالمجید

ہماری قوم میں یارب دلِ بیدار پیدا کر
ہماری جاں میں حبِّ احمدِ مختارؐ پیدا کر

(ش۱۱،ص۲۰۵)

صفدرؔ علی خان

اے ربِّ ذوالجلال سُخن کو کمال دے
میری عبادتوں کو تو حُسن و جمال دے

(ش۱۱،ص۲۰۶)

وہ ذات جو ہے اپنی ہر اک بات میں یکتا
ہے اس کا نبی اپنے معجزات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۶۰)

صفوتؔ، صفوت علی

سربلندی کی باتیں بھی ہوں گی مگر عجز کی پہلے معراج ہونے تو دے
بے نیازی کے سب راز کُھل جائیں گے سر مرا سرنگوں آج ہونے تو دے

(ش۱۱،ص۲۰۷)

ضیاؔ الحق قاسمی

مرے مولا! توانائی عطا کر
مجھے بھی تو مسیحائی عطا کر

(ش۱۱،ص۲۰۸)

ضیاؔ القادری

کیا شکر ہو ادا تری رحمت کا اے خدا!
نغمہ سرا ہوں میں تری مدحت کا اے خدا!

(ش۱،ص۲۳۶)

سرشار رکھ مجھے مئے حبِّ رسول سے
دے جام مجھ کو بادۂ وحدت کا اے خدا!

(ش۱۱،ص۲۱۱)

ضیاؔ جلال پوری

مرے جذبوں کو پھر ذوقِ یقیں دے
محبت کی وفاؤں کا امیں دے

(ش۱۱،ص۲۰۹)

ضیاؔء، ضیاالحسن

مرے سخن مرے طرزِ بیاں کا مالک تو
الٰہی، لوح و قلم، این و آں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۸)

ضیاؔ، عبدالقوی

اب دعا کے لیے اٹھاؤ ہاتھ
مانگ لو جو مانگنا ہے تمھیں

(ش۲،ص۲۵۹/ش۱۱،ص۲۱۰)

ضیاؔ، مظفر

ہراک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو
تو لاشریک زمان و مکاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۵۵)

ضیائیؔ، جاذب

سینہ خاک پہ سرسبزی اشجار میں تو
اور اشجار سے اڑتی ہوئی چہکار میں تو

(ش۲،ص۲۰۷)

طارقؔ سلطان پوری

اہتمام اعتراف وحدہ کرتے رہو
ہر گھڑی ہر سانس رب کی جستجو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۰)

شورش بحر میں، خاموشی کہسار میں تو
مظہر شان لیے رعنائی گلزار میں تو

(ش۲،ص۱۸۷)

بہشت، لوح و قلم، لامکاں کا مالک تو
وسیع ارض، بسیط آسماں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۲)

طالبؔ، اشتیاق

اے زمیں والے، آسماں والے
ہم بھی تیرے ہیں دوجہاں والے

(ش۱،ص۲۷۸)

غم ورنج و یاس میں گھر کے بھی نہ گلہ کروں تو میں کیا کروں
یہ بھی بندگی کے خلاف ہے کہ میں تجھ سے تیرا گلہ کروں

(ش۳،ص۱۸۶)

طالبؔ، عبدالعلیم کے۔

خدا ہی سے بہ ہر سو ابتدا ہے
خدا ہی پر بہ ہر سو انتہا ہے

(ش۱۲،ص۱۷۸)

اک انقلاب زیست میں جب رونما ہُوا
میں اس کا بندہ اور وہ میرا خدا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۶)

طاہرؔ سلطانی

ذکرِ رب طاہرؔ ہمیشہ کو بہ کو کرتے رہو
زندگی کو دوجہاں میں سرخ رو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۹)

آئینۂ یقیں مرا قلبِ صمیم ہے
لب پر ہے اس کی حمد جو ربِ عظیم ہے

(ش۱،ص۲۹۵)

نکہت و رنگ ترے عالمِ انوار میں تو
شمع میں نور ترا لمعۂ رخسار میں تو

(ش۲،ص۲۲۲)

اللہ اللہ ہے وظیفہ بندگی کے ساتھ ساتھ
رحمتوں کا یہ خزینہ روشنی کے ساتھ ساتھ

(ش۲،ص۲۶۸)

یہ جو لمحے باقی ہیں عمر کے انھیں وقفِ حمدِ خدا کروں
اسی جستجو میں اجل ملے اسی آرزو میں جیا کروں

(ش۳،ص۱۹۲)

کس قدر مختصر و طول ہے جلوہ تیرا
صورتِ سیّدِ عالم ہے خلاصہ تیرا

(ش۳،ص۲۲۰)

جہانِ وہم و گماں کن فکاں کا مالک تو
شعورِ علم کی ہر داستاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۸۰)

زندگی دے کے بندگی بخشی
نورِ ایماں کی پختگی بخشی

(ش۶،ص۲۹۳)

حمد جس نے مرے خامہ سے یہ لکھوائی ہے
ساری دنیا اسی معبود کی شیدائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۱)

مری دھڑکنوں کا امین تو مرے جسم و جاں میں مکین تو
مری زندگی مری بندگی ترا نام خالق کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۶)

تو عیاں تو نہاں خالقِ دوجہاں
تو نشاں در نشاں خالقِ دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۶۶)

کام یہ باوقار کرتا ہوں
ذکرِ پروردگار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۹)

دشت و جبل یہ آسماں تیرے کمال کے سبب
شمس و قمر ہیں پر ضیا تیرے جمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۵)

بات کل کی آج کی یا لمحۂ حاضر کی ہو
مہرباں تو ہی تو ہے اور مہرباں تو ہی تھا

(ش۱۰،ص۲۱۴)

اسی کے سارے مکاں، لامکاں بھی اس کا ہے
زمیں بھی اس کی ہے اور آسماں بھی اس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۱۷)

یہ سلسلہ رواں ہے جو نبضِ حیات کا
ہر حال میں کرم ہے شہِ کائنات کا

(ش۱۰،ص۲۳۱)

خواہش مجھے کہاں ہے کہ کوئی قمر ملے
تا عمر تیری حمد لکھوں وہ ہُنر ملے

(ش۱۱،ص۲۱۲/ش۱۴،ص۵۸۳)

بعثتِ سرکار ہے دریائے رحمت کا ثبوت
اس سے بڑھ کر اور کیا ہو رب کی عظمت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۵۵)

کتابِ حق میں ہم نے یہ پڑھا ہے
خیالِ رب سے دوری بھی سزا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۴)

حاکم ہے سخی اور مدارات میں یکتا
وہ ذات تو ہے اپنی ہر اک بات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۴۹)

رحمت بدوش ہم کو حبیبِ خدا ملے
نعمت عظیم اس سے بڑی اور کیا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۶)

ربِّ جہاں کے آگے مرا سر جو خم ہُوا
ہر لمحہ میری ذات پہ لطف و کرم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۸)

بنائے اپنی حکمت سے زمین و آسماں تو نے
سجا کر نور و نکہت سے بسائے گلستاں تو نے

(ش۱۲،ص۳۲۱)

ہر شے میں تیرا جلوہ اے مالکِ حقیقی
ہر رنگ تیرا گہرا اے مالک حقیقی

(ش۱۴،ص۵۸۲)

جو ہے پالن ہار ہمارا دل پہ اسی کا نام لکھیں
صبح اسی کے نام لکھیں ہم، نام اسی کے شام لکھیں

(ش۱۸،ص۵)

طاہر قریشی، یوسف

خدایا مجھ سے بے کس کو فقط تیرا سہارا ہے!
بڑی امید سے دامن ترے آگے پسارا ہے!

(ش۱۱،ص۲۱۳)

مدح اک اللہ ہی کی اوّل کروں گا
وہ اللہ ہے حمد ہر دم لکھوں گا

(ش۱۷،ص۲۶۳)

طفیل ہوشیارپوری

تیری خوشبو ہے لالہ زاروں میں
تیرے انوار چاند تاروں میں

(ش۲،ص۲۴۱)

طور، عبدالسلام

تری یکتائی کا اقرار لب سے دم بدم نکلے
عدم سے تا وجودِ زیست سب گردن بہ خم نکلے

(ش۱۱،ص۲۱۵/ش۱۴،ص۵۵۵)

کائناتِ بے کراں ہے تیری قدرت کا ثبوت
کیوں نہ صحرا تک بھی دے پھر اپنی حیرت کا ثبوت

(ش۱۴،ص۵۵۴)

ظفر، صابر

مرے خدا کوئی ایسا خیالِ برتر دے
جو میری روح کو بے انت درد سے بھر دے

(ش۱۱،ص۲۱۶)

ظفر، ظفر اقبال

ہیں خشک پیڑ بھی تیرے گھٹا بھی تیری ہے
یہ تپتی ریت یہ ٹھنڈی ہوا بھی تیری ہے

(ش۱،ص۲۷۳)

ظفر، ظفر محمد خاں

جلوہ گری جہان کی تیرے خیال کے سبب
ساری چمک دمک ترے جاہ و جلال کے سبب

(ش۱۰،ص۲۰۲)

جو خلا میں مہ و انجم کی یہ رعنائی ہے
سب ترا لطف ہے مولا تری دانائی ہے

(ش۱۰،ص۱۴۹)

دم بہ دم جُو بہ جُو خالقِ کائنات
دل بہ دل گو بہ گو خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۳)

یاالٰہی کرم تیرا درکار ہے
بندہ تیرا سراپا گنہگار ہے

(ش۱۱،ص۲۱۸)

یارب یہ آرزو ہے کہ وہ راستہ ملے
جو آنحضورؐ کے درِ اقدس سے جا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۸)

خلاّقِ دوجہاں! ترا جس پر کرم ہُوا
آنکھوں میں دوجہان کی وہ محترم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۴)

ظفؔر عمر زبیری

تونے شبنم کو تازگی بخشی
تونے پھولوں کو روشنی بخشی

(ش۶،ص۲۷۴)

وہ ذوقِ بندگی مجھے پروردگار دے
عجزو نیاز شوق جو میرا نکھار دے

(ش۱۱،ص۲۱۷)

عابؔد بریلوی

مجھے یاالٰہی وہ عشق دے تیرا ذکر میں بھی کیا کروں
تیرے نامِ پاک سے روز و شب دلِ مبتلا کی دوا کروں

(ش۳،ص۱۷۸)

اُفق اُفق ہے ہر اک آسماں کا مالک تو
ہے جان بھی ترے قبضے میں جاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۴)

تذکرہ کر کے اس کا صبح و مسا
دل کو دار القرار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۸)

عابؔد حسین خان

تونے جب گل کو زندگی بخشی
ذرے ذرے کو زندگی بخشی

(ش۶،ص۲۹۶)

عابؔد میر سلطانی برہانپوری، پروفیسر صوفی

صرف خالق کی رضا کی جستجو کرتے رہو
یعنی ہر لمحہ خدا کی گفتگو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۵)

چاند تاروں میں ہے تو پھول میں تو خار میں تو
تو پسِ ظلمتِ شب صبح کے انوار میں تو

(ش۲،ص۲۰۰)

عابؔد نظامی

ہر طرف پھیلی ہے آفاق میں رحمت اس کی
ذرے ذرے میں نظر آتی ہے قدرت اس کی

(ش۱،ص۲۷۲)

مولا! ترے نبیؐ نے ہم کو یہی بتایا
سب سے بلند و بالا تیری ذات والا

(ش۳،ص۲۱۵)

عابدہ کرامت

اے ربِّ کائنات قلم کو کمال دے
فکرِ جمیل دے مجھے حرفوں کا جال دے

(ش۱۱،ص۲۱۹)

عاجزؔ بھوپالی

گزرے فراخ دستی سے یا مفلسی کے ساتھ
وابستہ تیری یاد رہے، زندگی کے ساتھ

(ش۲،ص۲۳۱)

عادلؔ، خواجہ تاجدار

مالکِ کائنات وہ راز بھی خود رموز بھی
کس کو خبر کسے پتہ اس کے کمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۱)

ہر لمحہ صرف کرکے بھی ساری حیات کا
حق کب ادا ہوا ہے کچھ اس کی صفات کا

(ش۱۰،ص۲۲۵)

مرے آنسوؤں میں یہ کیسی دُعا ہے
خداوندِ عالم یہ تُو جانتا ہے

(ش۱۱،ص۲۲۰)

یکتائی کی محفل میں سماوات میں یکتا
کیا بات ہے اُس کی جو ہے ہر بات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۴۶)

یارب ترے کرم کا کچھ ایسے پتا ملے
لب پر ہمیشہ نام محمدؐ سجا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۲)

عارفؔ صدیقی، محمد

سبزہ و غنچہ و گل، رنگ ہے رعنائی ہے
میرے معبود! تری سب چمن آرائی ہے

(ش۱۰،ص۱۴۹)

تجھ سے بڑا کوئی نہیں خالق کائنات
تیرے حضور خم جبیں خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۲)

عالمِ رنگ و بو ہے یہ تیرے کمال کے سبب
شمس و قمر ہیں پُر ضیا تیرے جمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۳)

ذہنِ انساں میں ازل سے ضو فشاں تو ہی تو تھا
اے خدائے لم یزل دل میں نہاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۶)

پرے ستاروں سے قائم جہاں بھی اس کا ہے
زمیں بھی اُس کی ہے اور آسماں بھی اس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۱۶)

جب تلک تن میں میرے ہے جان سلامت رکھیو
میرے مولا! مرا ایمان سلامت رکھیو

(ش۱۱،ص۲۲۱)

ہے یہ نظمِ دوجہاں رب! تیری وحدت کا ثبوت
کائنات بیکراں ہے تیری قدرت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۰)

بہت محدود فکر نارسا ہے
بہت اونچا مقامِ کبریا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۵)

مایوس کس لیے ہے بشر مجھ کو کیا ہُوا
کچھ غم نہ کر کہ ہے درِ توبہ کھلا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۱۶)

ہر رنگ میں یکتا ہے ہر اک بات میں یکتا
خلاّقِ جہاں اپنی ہی خود ذات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۱)

عارف عبدالمتین

حدودِ وقت سے یارب! مجھے رہا کردے
میں بے قرار ہوں آسودگی عطا کردے

(ش۱۱،ص۲۲۲)

عارفؔ لکھنوی

اسی کی حمد ہے اک وہ احد ہے
ہو کوئی ماسوا اس کے وہ رد ہے

(ش۱،ص۲۶۰)

عاشی، عائشہ

مرے حفیظ ہے ہر آشیاں کا مالک تو
ہر ایک سائے ہر اک سائباں کا مالک تو

(ش۷،ص۹)

عاصم، لیاقت علی

وحدتِ فکر میں تو کثرتِ اظہار میں تو
دل میں آیا تھا کہ آنے لگا اشعار میں تو

(ش۲،ص۲۱۶)

عاصیؔ اختر، مرزا

عاصیؔ پہ خاص ربِّ عُلا کا کرم ہُوا
عصیاں تمام دھل گئے دیدہ جو نم ہُوا

(ش۱۲،ص۳۰۳)

عاصیؔ کرنالی

مشتِ گل ہوں وہ خرامِ ناز دیتا ہے مجھے
عرش تک گنجائشِ پرواز دیتا ہے مجھے

(ش۳،ص۲۲۲)

ہم پہ لازم ہے کہ ہم ذکرِ خدا کرتے رہیں
یہ خدا کا قرض ہے ہم پر ادا کرتے رہیں

(ش۱۰،ص۱۴۲)

اقلیمِ دوجہاں کے شہنشاہ فضل کر
اللہ فضل کر، مرے اللہ فضل کر

(ش۱۱،ص۲۲۳)

مالکِ ارض و سما فرمانِ راحت بھیج دے
آسمانوں سے زمیں پر اپنی برکت بھیج دے

(ش۱۱،ص۲۲۴)

ترا لطف جس کو چاہے اُسے ضوفشاں بنا دے
جو بکھر رہے ہیں ذرے انہیں کہکشاں بنادے

(ش۱۷،ص۱۰۹)

عاقل اکبرآبادی

خدائے دوجہاں ہم بیکسوں کی داستاں سن لے
نہیں تجھ سے نہاں کچھ بھی ہے سب تجھ پر عیاں سن لے

(ش۱۱،ص۲۲۵)

عالیہ، کے۔ایم۔

خدایا علم کی دولت عطا کر
ہمیں ایمان کی قوت عطا کر

(ش۱۱،ص۲۲۶)

عامؔر، معراج حسن

بڑا تنگ دائرہ ہے مری فکر کی رسا کا
کہاں حرف سے احاطہ ہو بھلا تری ثنا کا

(ش۲،ص۲۶۱)

عبدالرحمٰن قادری، ڈاکٹر

تو نے دولت شعور کی بخشی
نوعِ انساں کو زندگی بخشی

(ش۶،ص۳۰۵)

عبرتؔ الٰہ آبادی

یہی تجھ سے میں اے خدا چاہتا ہوں
درِ مصطفیٰ پر قضا چاہتا ہوں

(ش۱۱،ص۲۲۷)

عتیقؔ رحمانی

الٰہی تو غفار ہے اور رحیم
تو ہی سب کا رازق تو ہی کریم

(ش۱۱،ص۲۲۸)

عرفانؔ ستار

صبحِ روشن کی طرح دیدۂ بیدار میں تو
خواب دیکھوں تو مرے خواب کے اسرار میں تو

(ش۲،ص۲۱۷)

عرفانؔ، غالب

غم کے دامن میں جو خوشی بخشی
میرے اللہ تو نے ہی بخشی

(ش۶،ص۲۸۹)

زندگی کیا ہے ترے حسن کی رعنائی ہے
اور ترے قرب کی مخلوق تمنائی ہے

(ش۱۰،ص۱۴۸)

واقفِ حال و رازداں خالقِ کائنات
تجھ سے نہیں ہے کچھ نہاں خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۱)

ہو عطا حرف رواں ربِّ جلیل
خالقِ کون و مکاں ربِّ جلیل

(ش۱۱،ص۲۲۹)

عزمیؔ، انوار

صبح کرتا ہے جو پیدا شام سے
ابتدا کرتا ہوں اس کے نام سے

(ش۱،ص۲۶۷)

نسیم صبح کا بادِ خزاں کا مالک تو
گداز پھول کا سنگِ گراں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۵۸)

جو بہت ناگریز تھی بخشی
حق نے ہر شے ہمیں وہی بخشی

(ش۶،ص۲۷۹)

دماغ و دل ہی نہیں شہرِ جاں بھی اس کا ہے
ہرایک لمحۂ عمرِ رواں بھی اس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۱۷)

انساں کا ذکر ہو کہ فرشتوں کی ذات کا
ہر نقش منفرد ہے تری کائنات کا

(ش۱۰،ص۲۲۵)

الٰہی! راہِ حق مجھ کو دکھا دے
جبیں سجدوں سے تو میری سجا دے
(ش۱۱،ص۲۳۰/ش۱۴،ص۵۷۵)

حمد اور نعت گوئی کا بس یہ صلہ ملے
محشر میں مجھ کو سایۂ عرشِ علیٰ ملے
(ش۱۲،ص۲۷۱)

تقدیر کے کرم سے سپردِ قلم ہُوا
جو لفظ صرفِ حمد ہُوا محترم ہُوا
(ش۱۲،ص۲۸۸)

الٰہی! سب سے بڑھ کر تو حسیں ہے
ترے ہی سامنے خم ہر جبیں ہے
(ش۱۴،ص۵۷۴)

عزمیؔ علیگ، راؤ عبداللہ حکیم

زمانے کی زباں پر ہر گھڑی ہے گفتگو تیری
ترقی کے لئے مخلوق کو ہے جستجو تیری
(ش۱۲،ص۳۲۵)

عشرتؔ حسینی

خوش رنگ نظاروں سے نکل آئے تو دیکھوں
پھولوں سے ستاروں سے نکل آئے دیکھوں
(ش۱۱،ص۲۳۱)

عشرتؔ گودھری

مالک و مولا رحمٰن اللہ
تو ہے خبیر سبحان اللہ
(ش۱،ص۲۸۶)

علیم ناصری

حمد کہنا مرا عقیدہ ہے
جس کا ہر حرف اِک جریدہ ہے
(ش۱۰،ص۱۴۳)

اے دیارِ حرم کے رہ پیما
اک مرا بھی پیام لیتا جا
(ش۱۱،ص۲۳۳)

بسمہٖ اللہ الرحمٰن الرّحیم
لکھ اے قلم حمدِ خدائے کریم
(ش۱۷،ص۱۰۰)

علیؔ نقوی، سید محمد امین

لوائے راہِ اماں لَا اِلٰہ اِلّا اللہ
دلِ عدا کو گراں لَا اِلٰہ اِلّا اللہ
(ش۳،ص۲۱۷)

دعا ہے مالک و مولی الورٰی سے
رہے دل کو ولا دار الھدٰی سے
(ش۱۱،ص۲۳۲)

غافل اجمیری

مری مشکل کو آساں اے مرے مشکل کشا کردے
محمد مصطفٰے صلِّ علیٰ کا واسطہ کردے
(ش۱۱،ص۲۳۴)

غالبؔ، مرزا اسداللہ خان

زندگی اپنی جب اس شکل سے گزری غالبؔ
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے
(ش۱،ص۲۳۲)

غضنفر، سیّد محمد غضنفر علی

گفتگو کم ہے اور بیاں کم ہے
تیری مدحت کو یہ زباں کم ہے

(ش۵،ص۲۱۶)

غوث متھراوی

ممکن کہاں ہے تجزیہ اس کی صفات کا
نکتہ ہے یوں سمجھیے وہ سرِّ نکات کا

(ش۱۰،ص۲۲۴)

ہر سمت جس کی دید کا اک سلسلہ ملے
ہے سوچنے کی بات وہ کیسے بھلا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۴)

غیور، غیور احمد

شہودِ ذات سے خالی کوئی جگہ بھی نہیں
بجز وسیلہ کوئی اُس کو دیکھتا بھی نہیں

(ش۵،ص۱۹۷)

فاخرہ بتول

مرے سچے سوہنے سائیں تو
ان مَن مورکھ کو طور بنا

(ش۱۱،ص۲۳۵)

فاطمہ حسن

خدایا شکر ہے تو مہرباں ہے
خدایا تو بڑا ہی مہرباں ہے

(ش۱۱،ص۲۳۶)

فانی، حسان رفیق

مولا نماز پڑھنے کی توفیق کر عطا
وہ کام میں کروں کہ ہو جس میں تری رضا

(ش۱۱،ص۲۳۷)

فدا خالدی دہلوی

دل میں تو ذہن میں تو لہجہ و گفتار میں تو
نگہ شوقِ میں تو یورش افکار میں تو

(ش۲،ص۱۷۸)

فراست رضوی

وہ جس کی آرزو ہے کہ اس کو خدا ملے
وہ مکتبِ شعورِ محمدؐ سے جا ملے

(ش۱۱،صفحہ نمبر ندارد/ش۱۲،ص۲۷۳)

فرحت لکھنوی

غمِ عشق اپنا عطا کیا، تیرا شکر کیوں نہ خدا کروں
اسی غم سے شاد ہے زندگی تو خوشی کی کیوں میں دعا کروں

(ش۳،ص۱۷۵)

فرقان ادریسی

صرف تو ہی رہا خالقِ کائنات
اور کچھ بھی نہ تھا خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۸)

ذکر لیل و نہار کرتا ہوں
میں یہی کاروبار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۳)

فقط مکاں ہی نہیں لامکاں بھی اُس کا ہے
عیاں بھی اُس کا ہے رازِ نہاں بھی اُس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۱۹)

ہرشے پہ اختیار ہے اس پاک ذات کا
خالق جو بے گمان ہے کل کائنات کا

(ش۱۰،ص۲۳۲)

فریدی، اسلم

اے خدا اے خدا! مقصد و مدعا
میں کہ محتاج ہوں، تو عطا ہی عطا

(ش۱۰،ص۱۶۴)

ہم دل سے دعاگو ہیں ماضی ہمیں لوٹا دے
یارب تو ہمیں پھر سے وہ عہد وہ عہدہ دے

(ش۱۱،ص۲۶)

قلم خود سر بہ سجدہ ہو گیا ہے
یقیناً حمد باری لکھ رہا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۰)

سجدے میں تیرے اپنا بھی سر ہے جھکا ہُوا
تیرے کرم سے در تری رحمت کا وا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۹)

''مصروفِ حمد جب کبھی میرا قلم ہُوا''
اُس ربِّ ذوالجلال کا بے حد کرم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۱)

فریدی، محمد محسن، مولانا

کھو گئے جب ترا مکاں دیکھا
مٹ گئے جب ترا نشاں دیکھا

(ش۲،ص۲۵۵)

فصیح ربانی، شاہین

کوئی پل بھی ہو مری زیست کا میں خدا کو یاد کیا کروں
جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے بھی صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۱۹۳)

فضا اعظمی

فردوس کی آرزو میں اب
سر گرم جنونِ پارسائی

(ش۱۱،ص۲۳۸)

فقیر دہلوی، مولانا

یاخدا شک نہیں اس میں کہ گنہگار ہوں میں
پر یہ ارشاد ہے تیرا بھی کہ غفار ہوں میں

(ش۱۱،ص۲۳۹)

فکری، مجید

میں معترف ہوں کہ ہے دوجہاں کا مالک تو
یہ دُنیا کیا ہے کہ ہے لامکاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۶)

فہمی، حمید

عظیم تو ہے کہ ہے دوجہاں کا مالک تو
کہ ہے مکاں کی طرح لامکاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۳)

ہر نفس فہمی مناجاتیں کرو
یعنی رب سے روز و شب باتیں کرو

(ش۶،ص۳۸۱)

جاوداں کوئی نہ تھا، اک جاوداں تو ہی تو تھا
''کن'' سے پہلے واقفِ سرِّ نہاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۵)

فہمیدہ مقبول

میرے مولا مجھ کو ایسی قوتِ بینائی دے
آدمی کے دل کے اندر تک مجھے دکھلائی دے

(ش۱۱،ص۲۴۰)

فہیم ردولوی

لاکھ پوشیدہ رہے پردۂ اسرار میں تو
آ ہی جاتا ہے نظر کثرتِ انوار میں تو

(ش۲،ص۱۸۲)

فیروز شاہ، محمد

سر جھکائیں گے ترے آگے تو ہوں گے سر بلند
جانتے ہیں اہلِ عشق اور مانتے ہیں عقل مند

(ش۷،ص۲۵۰)

قاسم جہانگیری، شاہ

تقسیم کیے نور بھری رات کے صدقے
یارب میں تری دَین کے خیرات کے صدقے

(ش۱۱،ص۲۴۱)

قاسم رضا صدیقی، پیرزادہ، ڈاکٹر

بے کراں ایک تیرگی کو روشنی بخشی گئی
خاک کو تاثیر دی اور زندگی بخشی گئی

(ش۱،ص۲۴۵/ش۱۱،صفحہ نمبر ندارد)

قاصر، نجیب

مصروفِ حمد جب کبھی میرا قلم ہُوا
کیا کچھ رقم ہُوا ہے مگر جیسے کم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۹)

کیے ہیں حرفِ کن سے اے خدا پیدا جہاں تو نے
یہ تیری مصلحت رکھا مگر خود کو نہاں تو نے

(ش۱۲،ص۳۲۲)

قاضی، عبدالرحمان

کرم کر، رحم کر، احسان فرما
خداوندا عطا ایمان فرما

(ش۱۱،ص۲۴۲)

قصری کانپوری

یارب مری جانب نگہ لطف و کرم ہو
قائم مرے جذباتِ محبت کا بھرم ہو

(ش۱۱،ص۲۴۳)

قمر زیدی، سید

مرے فقر کا تو غرور ہے ترا شکر کیسے ادا کروں
یہی بندگی کا شعور ہے کہ میں تجھ سے صرف دعا کروں

(ش۱،ص۲۸۲)

یارب یہی ہے میری گزارش قبول کر
بندے کی یہ دعا بہ نوازش قبول کر

(ش۱۱،ص۲۴۴)

قمر سلطانہ سید

ہر طرف تیری ضیا دہر میں سنسار میں تو
جلوۂ شام میں تو صبح کے آثار میں تو

(ش۲،ص۲۱۸)

تو نے دنیا کو دلکشی بخشی
اپنی عظمت سے آگہی بخشی

(ش۶،ص۳۰۹)

میرے معبود یہ دعا ہے مری
تجھ سے بس ایک التجا ہے مری

(ش۱۱،ص۲۴۵)

قمر سنبھلی

مرے سخن میں اک اک حرف بے گماں اُس کا
زبان میری سہی، ہے مگر بیاں اُس کا

(ش۵،ص۱۹۰)

قمر سہارنپوری

یہ برگ و بار، اس آب رواں کا مالک تو
ہر اک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۵۲)

قمر صدیقی

اے ربِّ کائنات، غریبوں پہ رحم کر
مجموعۂ صفات، غریبوں پر رحم کر

(ش۱۱،ص۲۴۶)

قمر وارثی

دل بہ دل گھر ہے ترا، حجرۂ ابصار میں تو
گونج سانسوں میں تری، نبض کی رفتار میں تو

(ش۲،ص۲۰۲)

جہاں میں ہوتے ہیں اے دل خدا کی قدرت سے
کرم پہ سنگ بھی مائل خدا کی قدرت سے

(ش۳،ص۲۲۵)

سایۂ رحمت کا طالب ہوں، کرم کا منتظر
میں غریب و ناتواں اے خالقِ کون و مکاں

(ش۱۱،ص۲۴۷)

قمر یوسف زئی

سارے عالم میں ضوفشاں تو ہے
لم یزل تو ہے، بیکراں تو ہے

(ش۲،ص۲۶۳)

قیصر الجعفری

پت جھڑ میں جب پتا ٹوٹے۔ لے اللہ کا نام
پھولوں سے جب خوشبو پھوٹے۔ لے اللہ کا نام

(ش۱،ص۲۶۸)

قیصر جہاں ہاشمی

دل میں ایسی جوت جگا دے
ہم کو اپنا میت بنا دے

(ش۱۱،ص۲۴۸)

قیصر،عثمان

تیری خلقت سے پیار کرتا ہوں
تجھ پہ ہستی نثار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۰)

کچھ بھی نہیں ہے بے سبب، تیرے کمال کے سبب
شمس و قمر ہیں پر ضیا تیرے جمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۶)

کن سے پہلے کون تھا، اے لامکاں تو ہی تو تھا
کچھ نہ تھا موجود جب، بے این و آں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۹)

ہمسر جہاں میں کوئی نہیں پاک ذات کا
مالک ہے ہر بشر کی حیات و ممات کا

(ش۱۰،ص۲۳۲)

رب کی طرف سے جب ہمیں قرآں عطا ہُوا
تب زندگی کا سہل ہر اک راستہ ہُوا

(ش۱۲،ص۲۲۵)

بے شک ہے تو افکار و خیالات میں یکتا
ہے ذات تری کارِ کرشمات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۵)

نورِ وحدت کا زمانے میں جو شیدائی ہے
دین و دنیا میں سدا اس کی پذیرائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۳)

تو کہ ہے جاوداں خالقِ کائنات
کوئی تجھ سا کہاں خالقِ کائنات

(ش۱۰،ص۱۶۴)

قیصرؔ، میاں

بندہ بن کر دے مسلماں تو عبادت کا ثبوت
سب سے بہتر ہے یہی اک آدمیت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۶۹)

قیصرؔ نجفی

حمد گوئی شعار کرتا ہوں
حرف کو باوقار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۴)

قیصرؔ، نذیر

اک سائے کو دور کردے مجھ سے
اک صبح کو میرے ساتھ کردے

(ش۱۱،ص۲۴۹)

کافیؔ شہید، کفایت علی، مولانا

دے مجھے راست راہ، یااللہ!
نہ رہوں کج نگاہ، یااللہ!

(ش۱۱،ص۲۵۰)

کافیؔ مرادآبادی

یاالٰہی حشر میں خیرالوریٰ کا ساتھ ہو
رحمتِ عالم جنابِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو

(ش۱۱،ص۲۵۱)

کاوشؔ زیدی

علم و عرفاں کی روشنی دے دے
ذات سے اپنی آگہی دے دے

(ش۱۱،ص۲۵۲/ش۱۴،ص۵۶۵)

یہ عطر بیز ہوا لا اِلٰہ اِلّا اللہ
یہ دلفریب فضا لا اِلٰہ اِلّا اللہ

(ش۱۴،ص۵۶۴)

کلیمؔ عثمانی

مایوس دلوں کے لیے امید کا تارا
تو خفتہ نصیبوں کے لیے دولتِ بیدار

(ش۱۱،ص۲۵۴)

کمالؔ قادری، محمد، الحاج

حسن پھولوں میں ترا، برگ میں اشجار میں تو
چاند تاروں میں کہیں وادی و کہسار میں تو

(ش۲،ص۲۱۱)

مری آرزو ہے مرے خدا تری حمد ایسے کیا کروں
ترا فضل تیری عنایتیں دل و جان سے میں لکھا کروں

(ش۳،ص۱۹۷)

ہر اک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو
جہاں ہیں سارے ترے، ہر جہاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۷۰)

ہے کرم رب کا زندگی بخشی
اور ہمیں اپنی آگہی بخشی

(ش۶،ص۳۰۶)

شمس و قمر ہیں پُر ضیا تیرے جمال کے سبب
قائم ہر اک کمال ہے تیرے کمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۹)

کوثرؔ بریلوی

تو نے توفیق حمد کی بخشی
کہنے والی زبان بھی بخشی

(ش۶،ص۲۹۲)

کوثرؔ بھوپالی

سازِ ہستی کو پختگی بخشی
پتھروں کو بھی دلکشی بخشی

(ش۶،ص۲۸۷)

کوثرؔ، صالحہ

توفیق دے کہ لکھوں میں ایسی تری ثنا
جیسی لکھی نہ پہلے کبھی میں نے اے خدا

(ش۱۱،ص۲۵۵)

کوثرؔ نقوی

ایسا ہُوا، تو یہ بھی اُسی کا کرم ہُوا
شکر خدا کا حمد پہ مائل قلم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۰)

کوثرؔ نیازی

خداوندا ہمیں نصرت عطا کر
ہمیں اسلاف کی قوّت عطا کر

(ش۱۱،ص۲۵۶)

کیفؔ، انور

مرے سخن کو عطا کردے مدحتوں کے گلاب
کہ بانجھ کوکھ سے پیدا ہوں قسمتوں کے گلاب

(ش۱۱،ص۶۳)

گلزار بخاری

آسماں کو انجم و شمس و قمر دیتا ہے کون
کاروان نور کو حکم سفر دیتا ہے کون

(ش۱،ص۲۶۱)

گلنارؔ آفریں

یارب تری رحمت کا بس اتنا اشارہ ہو
چمکے جو سرِ گردوں وہ میرا ستارا ہو

(ش۱۱،ص۲۵۷)

گوہرؔ ملسیانی

میری قندیل کو روشنی بخش دے
میرے نغمات کو نغمگی بخش دے

(ش۵،ص۱۸۹)

یارب عطا ہو جرأت گفتارِ باکمال
فکر و نظر کو بخش دے انوارِ بے مثال

(ش۱۱،ص۲۶۱)

ہویدا شان ہے تیری چمن میں نظمِ عالم میں
صفات کبریائی دشت کے ذرّات میں یم میں

(ش۱۷،ص۲۰۵)

گہرؔ اعظمی، انصار الحق قریشی

مجھ کو اللہ پر بھروسا ہے مجھ کو ہر حال میں وہ کافی ہے
ہو خطا بھولے سے اگر سرزد دیتا اس کے لیے معافی ہے

(ش۱۰،ص۱۰)

یقیں، الف لام میم کر دے
تو وا سرِّ حا میم کر دے

(ش۱۱،ص۲۵۸۔۲۵۹)

دور کردے یاالٰہی سارے غم
شاملِ حال کر تو اپنا کرم

(ش۱۱،ص۲۶۰/ ش۱۴،ص۵۷۹)

لکھنے کا حمد و نعت کا جو سلسلہ ہُوا
کہتے ہیں لوگ ہے مرا چہرہ کِھلا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۷)

جز تیرے خدایا کوئی مسجود نہیں ہے
معبود ہے تو اور کوئی معبود نہیں ہے

(ش۳،ص۲۲۶)

فقط اللہ عالم غیب کا ہے
ہماری بات اک اک جانتا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۲)

تعریف سب اس کے لیے جو ذات میں یکتا
’’وہ ذات کہ جو اپنی ہر اک بات میں یکتا‘‘

(ش۱۲،ص۲۴۷)

شانِ اوجِ کمال تیری ذات
منبعِ ہر خیال تیری ذات

(ش۱۴،ص۵۷۸)

لاغرؔ صدیقی امروہوی

میں بندہ ہوں تو میرا پروردگار
ترا نام لیتا ہوں لیل و نہار

(ش۵،ص۲۰۱)

زندگی کیا ہے فقط ایک فسانہ یارب
یہ فسانہ ہے کہ عبرت کا خزانہ یارب

(ش۱۱،ص۲۶۲)

لالہ صحرائی

عبودیت کی جِلا لا الٰہ الا اللہ
یہی ہے جاں کی ضیا لا الٰہ الا اللہ

(ش۱،ص۲۷۱)

فردِ اعمال پہ جو میری خطا نے لکھا
عفو کا حرف وہاں تیری عطا نے لکھا

(ش۵،ص۱۹۵)

مری بھی سمت ہو رحمت کی اک نظر مولا
میں شرمسار ہوں اپنے گناہ پر مولا

(ش۱۱،ص۲۰۴/ش۱۴،ص۵۶۷)

مانگوں میں کیوں کسی سے خدایا ترے سوا؟
مالک ہے جب کہ تو ہی فقط کائنات کا!

(ش۱۴،ص۵۶۶)

لائقؔ، یوسف علی

کسی سفر میں رہوں یا میں اپنے گھر میں رہوں
جہاں بھی رکھ مجھے لیکن تری نظر میں رہوں

(ش۱۱،ص۲۶۳)

لیاقتؔ بجنوری

یاالٰہی یہ تری شان ہے صناعی ہے
ذرے ذرے میں نمایاں تری رعنائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۶)

تیرے سجدے میں میرا قلم گر گیا خالقِ کائنات
کُل جہانوں کا مالک ہے مختار ہے تُو ہی ستّار ہے

(ش۱۰،ص۱۷۰)

نام سے تیرے پیار کرتا ہوں
جان و دل میں نثار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۵)

لیثؔ قریشی

صدیوں تراشتے رہے الفاظ کے صنم
قاصر رہے مگر تری حمد و ثنا سے ہم

(ش۵،ص۱۹۶)

ترے حضور جو دستِ دعا کیا ہے دراز
مرے خدا تو مجھے خیر و عافیت سے نواز

(ش۱۱،ص۲۶۴)

ماجدؔ خلیل

یہ ہے کمال قادر و واجد صفات کا
پابند کردیا ہے فنا کو ثبات کا

(ش۱۰،ص۲۲۸)

مآئیؔ فاروقی

مرے رب تجھے میں خدا کہوں، ترے آگے سجدے ادا کروں
تو بڑا رحیم وکریم ہے ترے رحم کی میں دعا کروں

(ش۳،ص۱۸۷)

مجیدؔ لاہوری

انھیں تو نے بخشی ہیں کوٹھیاں، تری شان جل جلالہ
میں ہوں لالو کھیت میں لامکاں، تیری شان جل جلالہ

(ش۲،ص۲۴۰)

محبوبؔ سیتاپوری

الٰہی حکم دے جوشِ الم کو اب نہ تڑپائے
مسرت کو اجازت دے خوشی کے پھول برسائے

(ش۱۱،ص۲۶۸)

محرومؔ، تلوک چند

زباں پر نہ کیوں کر ترا شکر آئے
کہ احساں ہیں تیرے ہزاروں خدایا

(ش۱۱،ص۲۶۵۔۲۶۶)

محسنؔ کاکوروی

ہے نامِ خدا سوادِ تحریر
واللّیل اذا سجیٰ کی تفسیر

(ش۱،ص۲۳۳)

محمودؔ، رشید، راجہ

ایک برقی رو لپکتی ہے مرے احساس میں
جلوہ فرما تو ہے میرے پردۂ انفاس میں

(ش۳،ص۲۱۰)

میری یہ تجھ سے عرض ہے، اے ربِّ کردگار!
توفیق دے مجھے کہ میں تا عرصۂ شمار

(ش۱۱،ص۲۶۷)

لطفِ خدا ہے مجھ پہ یہ حد سے بڑھا ہُوا
ماحول نعت میں، میں پلا اور بڑا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۲)

خدایا! جو نہاں تھا پیار، اُسے کر کے عیاں تُو نے
کیا مہمان اپنا مصطفےٰؐ کو اپنے ہاں تُو نے

(ش۱۲،ص۳۱۲)

دربار کبریا میں جو تحفہ ثنا کا تھا
آواز باز گشت میں قالو بلیٰ کا تھا

(ش۱۷،ص۱۶۵)

محمود نیازی،سلطان

اے خالقِ ارض و سما
اے منبعِ جود و سخا

(ش۲،ص۲۶۴)

مختار،آصف حسین

تو نے سورج کو روشنی بخشی
اس سے عالم کو روشنی بخشی

(ش۶،ص۳۰۲)

مختار اجمیری

چشم بینا میں ہے تو، قلبِ پرانوار میں تو
آئینہ خانوں میں تو، پردۂ اسرار میں تو

(ش۲،ص۱۹۷)

مختار علی،محمد

بے ہنر ہوں مرے مولا تو ہنر ور کردے
یعنی اِک قطرہ ہوں میں مجھ کو سمندر کردے

(ش۱۱،ص۲۶۹)

مخدوم منور عارفی سلطان

ہر شے میں ہے تو ہی نہاں ہر شے میں ہے جلوہ ترا
ساری عطا کی نعمتیں احسان ہے کیا کیا ترا

(ش۵،ص۲۰۷)

مرتضٰی اشعر

ہر اک تخلیق کے من کی صدا اللہ الف اللہ
سبق پہلا جو بچپن میں پڑھا اللہ الف اللہ

(ش۲،ص۲۶۵)

مسرت،منور بیگم

الٰہی شوق دے الفت میں اپنی جانفشانی کا
کہ حاصل جس سے ہو مجھ کو نتیجہ زندگانی کا

(ش۱۱،ص۲۷۰)

مسرور بدایونی

ذکر پروردگار کرتا ہوں
میں حسیں کاروبار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۵)

کر عطا یارب مجھے صبر و قرار
سن مری فریاد اے پروردگار

(ش۱۱،ص۲۷۱۔۲۷۲)

بخش دیتی ہے اگر دل سے لکھے توقیر حمد
خالقِ اکبر کی ہے مسرور بس تفسیر حمد

(ش۱۴،ص۵۷۰)

کر عطا یارب مجھے صبر و قرار
ختم کردے میرے دل کا انتشار

(ش۱۴،ص۵۷۱)

پاک دل سے یاد رکھنا چاہیے اللہ کو
ورد میں رکھو سدا مسرورؔ بسم اللہ کو

(ش۱۷،ص۱۸۴)

مسرورؔ کیفی

جسم کو کیا روح کو بھی قبلہ رو کرتے رہو
ہرقدم ہر سانس رب کی جستجو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۱۲)

قلب و جاں کا قرار ہے اللہ
زندگی کی بہار ہے اللہ

(ش۲،ص۲۵۱/ش۳،ص۲۲۷)

مسعودہؔ خانم

تو نے انمول زندگی بخشی
اور کرم یہ کہ بندگی بخشی

(ش۶،ص۳۱۰)

یوں سنا ہے کہ تو سنتا ہے دعا سے پہلے
مانگنے والوں کو دیتا ہے صدا سے پہلے

(ش۱۱،ص۲۷۳)

مسلمؔ، ابوالامتیاز ع۔س۔

ایک بھکارن بن کر اپنی جھولی کو پھیلاؤں
جو مانگے سو پاوں مسلمؔ بن مانگے بھی پاؤں

(ش۱،ص۲۶۹)

یا اللہ، یا ذوالاکرام
فضل کا اپنے کر انعام

(ش۱۱،ص۲۷۴-۲۷۵)

مشتاقؔ حسین قادری کاشمیری

ہم سے راضی ہو خداوندِ کریم
اے رحیم اے صاحبِ لطفِ عمیم

(ش۱۱،ص۲۷۲)

مشتاقؔ مرادآبادی

روح میں تو اترا لمعۂ ابصار میں تو
تو ہی صحراؤں میں دریاؤں میں کہسار میں تو

(ش۲،ص۲۱۰)

تری ذاتِ پاک عظیم ہے تجھے یاد صبح و مسا کروں
جو ملے حیاتِ خضر مجھے تو اسے میں صرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۱۸۵)

مشرقؔ صدیقی

قدیر و قادر و پروردگار سب تو ہے
اے میرے رب تری شفقت کی کچھ اتھاہ نہیں

(ش۵،ص۲۱۴)

خدایا! مجھ کو آگاہی عطا کر
خودی و بیخودی سے آشنا کر

(ش۱۱،ص۲۷۷)

مظفرؔ، آفتاب

زمیں کی وسعت و ہر آسماں کا مالک تو
تمام عالم و ہر دوجہاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۵)

سرو جبل ہیں سرو قد تیرے جمال کے سبب
لات و منات سرنگوں تیرے جلال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۴)

رازداں ہے کن کا تو ہی، رازداں تو ہی تو تھا
''کن'' سے پہلے کون تھا اے لامکاں تو ہی تو تھا

(ش۱۰،ص۲۰۸)

خالق وہ روز و شب کا، حیات و ممات کا
مالک حجر شجر کا، گیاہ و نبات کا

(ش۱۰،ص۲۳۰)

مضطر خیر آبادی

سب کے دل میں ہے تری یاد مجیب الدعوات
ٹالتا ہے تو ہی افتاد مجیب الدعوات

(ش۱۱،ص۲۷۸)

مرے داغِ عصیاں مٹا دے الٰہی
معافی کا ٹیکا لگا دے الٰہی

(ش۱۱،ص۲۷۹)

مرے نخلِ حسرت کو تو ہی ثمر دے
تو ہی آرزوؤں کی جھولی کو بھر دے

(ش۱۱،ص۲۸۰)

کارسازِ جملہ عالم ذاتِ پاکِ کبریا
ہے معاون سب کی ہر دم ذاتِ پاکِ کبریا

(ش۱۴،ص۵۵۰)

مری کارسازی کر اے کبریا
میں بندہ ہوں تیرا تو میرا خدا

(ش۱۴،ص۵۵۱)

مظفر حنفی

یوں چھاؤں میں جلتا رہوں کب تک مرے مولا
سایہ ابھی پہنچا نہیں سب تک مرے مولا

(ش۲،ص۲۵۶/ش۱۱،ص۲۸۱)

مظفر وارثی

تصور سے بھی آگے تک در و دیوار کُھل جائیں
مری آنکھوں پہ بھی یارب ترے اسرار کُھل جائیں

(ش۳،ص۲۲۱)

اہل اسلام میں محبّت دے
اتفاق اتحاد اخوّت دے

(ش۱۱،ص۲۸۲/ش۱۴،ص۵۵۷)

جاں بول رہی ہے نہ لہو بول رہا ہے
میں بول رہا ہوں کہ یہ تو بول رہا ہے

(ش۱۴،ص۵۵۶)

معجز لکھنوی

یوں بھی ترا کرم کبھی جلوہ نما ہُوا
جو کھیت جل چکا تھا وہ پل میں ہرا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۱۳)

معین الدین آروی، محمد

اے خداوندِ کافر و دیندار
ہے ترا نام کبریا غفّار

(ش۱۱،ص۲۸۳۔۲۸۴)

مغل، محمد رفیق

میرے گُنہ نہ دیکھ نہ میری خطا کو دیکھ
اے رب ذوالجلال تو اپنی عطا کو دیکھ

(ش۱۰،ص۲۵۳)

انسان ہوں خطائیں ہوئی ہیں تو کیا ہُوا
اِک سلسلہ ہے میرا خدا سے جڑا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۲۶)

اسباب ہی یکتا تھے وہ لمحات بھی یکتا
معراج کی شب رب کی ملاقات بھی یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۸)

جب سلسلے حضوری کے اُن سے ہیں جا ملے
پھر کیوں نہ مجھ کو میری طلب سے سِوا ملے

(ش۱۲،ص۲۸۰)

جب سے ترے حضور یہ سر میرا خم ہُوا
دنیائے بے ثبات کا مجھ کو نہ غم ہُوا

(ش۱۲،ص۳۰۰)

بنائے بحر و بر برگ و شجر اور انس و جاں تو نے
کیے پھر کیسے کیسے سلسلے ان سے رواں تو نے

(ش۱۲،ص۳۲۳)

مقبولؔ احمد قادری

جس چیز کی طلب تھی، سدا مانگتے رہے
ہم تیری بارگہ میں دُعا مانگتے رہے

(ش۱۱،ص۲۸۵)

ممتازؔ اطہر

خدایا بولتی سانسیں عطا کر
مرے الفاظ کو شکلیں عطا کر

(ش۱۱،ص۲۸۶)

ممتازؔ، مخدوم علی

ماسوا اس کے ہو کوئی سجدہ
میں خطا میں شمار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۵)

منصورؔ ملتانی

''تو'' کو ''میں'' کرتے رہو یا ''میں'' کو ''تو'' کرتے رہو
بس رضائے کبریا کی جستجو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۳)

مری خصلت، مری فطرت، مرے پندار میں تو
لمحہ لمحہ ہے مرے سانس کی رفتار میں تو

(ش۲،ص۲۰۱)

محبوبؐ کو بنایا سبب کائنات کا
کیسے ادا ہو شکر ترے التفات کا

(ش۱۰،ص۲۲۶)

ہمارے رب بھلائی ہم کو دنیا کی عطا کر دے
بھلائی آخرت کی دے بچا نارِ جہنم سے

(ش۱۱،ص۲۸۷۔۲۸۸/ش۱۴،ص۵۹۴)

لطف و کرم سے تیرے بہار آشنا ہُوا
بخشا نمو کو شوق تو پتا ہرا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۵/ش۱۴،ص۵۹۵)

منظرؔ ایوبی

ہر ذی نفس کے دل میں ہے جب تو بسا ہوا
پھرتا ہے کیوں زمانہ تجھے ڈھونڈتا ہوا

(ش۱۲،ص۱۹۷)

منظورؔ شیخ

یہی ہے دعا ایک میری خدایا!
مری زندگی ہو اطاعت سراپا

(ش۱۱،ص۲۸۹)

منوّرؔ بدایونی

دے جو غم سے نجات یااللہ!
ہے وہ تیری ہی ذات یااللہ!

(ش۱۱،ص۲۹۱)

دُعاؤں میں اثر دے یاالٰہی!
مُرادیں پوری کردے یاالٰہی!

(ش۱۱،ص۲۹۲)

منیرؔ قصوری

جمالِ روضۂ سرکار سے محروم ہوں یارب
ابھی تک دیدۂ بیدار سے محروم ہوں یارب

(ش۱،ص۲۷۰/ش۱۱،ص۲۹۰)

موجؔ، محمد نورالدین

شب کے دامن میں ستاروں کے چمکتے یہ بدن
میرے مولا ترے ہی حسن کی رعنائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۶)

اے مالکِ کل تجھ سے یہ کرتے ہیں مناجات
بندے ہیں ترے تیری ہی کرتے ہیں عبادات

(ش۱۱،ص۲۹۳)

کلمۂ طیبہ ہے مولا تیری وحدت کا ثبوت
آئینہ وحدت کا دیتا ہے نبوت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۷۰)

نہیں تجھ سا کوئی تو اے خدا ہے
بُتوں نے بھی ترا کلمہ پڑھا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۹)

رشتہ یوں استوار مرا اور ترا ہُوا
بندہ میں تیرا اور مرا تو خدا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۳۶)

مومنؔ، مومن خان

نہ کیوں کر مطلع دیواں ہو مطلع مہر وحدت کا
کہ ہاتھ آیا ہے روشن مصرع انگشتِ شہادت کا

(ش۳،ص۲)

خدایا ہاتھ اٹھاؤں عرض مطلب سے بھلا کیوں کر
کہ ہے دستِ دعا میں گوشۂ داماں اجابت کا

(ش۱۱،ص۲۹۴)

مونسہ خاتون رضوی، سیدہ

اے رب ذوالجلال تری شان باکمال
دنیا جہان ہیں ترے برہان لایزال

(ش۵،ص۲۰۳)

مری آشفتگیٔ دل نہ پوچھو
قبائے بے بسی ہو جب دریدہ

(ش۱۱،ص۲۹۵)

مہدی علی صدیقی

فرصت جو اس قدر خلشِ روزگار دے
یاں کے سفر میں عمرِ دو روزہ گزار دے

(ش۱۰،ص۲۵۰/ش۱۱،ص۲۹۶)

مہرؔ، سلطانہ

عشق میں جو فنا نہیں ہوتا
رب کا جلوہ عطا نہیں ہوتا

(ش۴،ص۲۳۶)

مہرؔ وجدانی

مدحت سرا ہوں خالقِ کل کائنات کا
ہے دخل میری ذات میں اس کی صفات کا

(ش۱۰،ص۲۲۷)

تیرا ہی بندہ ہوں تجھ سے ہے سوال
صاحبِ قدرت ہے تو اے ذوالجلال

(ش۱۱،ص۲۹۷_۲۹۸)

بشر کی فہم سے جو ماورا ہے
خدا اس کو، بشر ہی مانتا ہے

(ش۱۲،ص۱۷۷)

میں رب سے روزِ ازل آشنا ہُوا
"قالو بلیٰ" بمعنیِ حمد و ثنا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۰۳)

تخلیقِ جمادات و نباتات میں یکتا
معدن میں جواہر میں ثمرات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۴۴)

یارب مرے شعور کو صدق و صفا ملے
لفظ و بیاں کے واسطے ذہنِ رسا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۰)

ح میم دال لکھتے ہی دفتر رقم ہُوا
وسعت ملی جو قطرہ کو، قلزم بہم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۸۷)

بنایا بے ستوں کا یہ معلّق آسماں تو نے
سجایا اس کو یارب کہکشاں در کہکشاں تو نے

(ش۱۲،ص۳۱۳)

میناؔ زبیری

میرے ادراک میں جلوے متشکل کردے
ورنہ پھر اپنی تجلی کو مرا دل کردے

(ش۱۱،ص۲۹۹)

نازاںؔ، فاروق

میرے دل میں تو ہی تو ہے میرے لب پہ نام تیرا
پیتا رہوں میں ہر دم الفت کا جام تیرا

(ش۱،ص۲۹۴/ش۱۳،ص۸)

فکر و فن علم و آگہی بخشی
تو نے ایماں کو پختگی بخشی

(ش۶،ص۲۹۸)

حمد لکھنے کا مرے مولا قرینہ دے دے
نعتِ سرکارِ دوعالمؐ کا خزینہ دے دے

(ش۱۱،ص۳۰۰)

نازش حیدری

الٰہی گناہوں سے منہ موڑ دے
برائی سے رشتہ مرا توڑ دے

(ش۱۱،ص۳۰۱_۳۰۳)

نازشؔ رضوی

حمد لکھنے کو قلمِ جبریل کا پر چاہیے
روشنائی کے لیے بھی آبِ کوثر چاہیے

(ش۱۱،ص۳۰۴)

نازلی، شگفتہ

ہو اب دعا قبول مری سرحدوں کی خیر
رحمت کا ہو نزول مری سرحدوں کی خیر

(ش۱۱،ص۳۰۵)

ناصرؔ، صلاح الدین

ربِّ واحد نے زندگی بخشی
اور کرم یہ کہ بندگی بخشی

(ش۶،ص۲۸۵)

اے خدا اے خدا اے خدا اے خدا
اُنؐ کے دیں سے ہمارا بھی ہے رابطہ

(ش۱۱،ص۳۰۶)

اے خدائے انس و جاں ممکن نہیں تیری ثنا
علم ہے محدود میرا، عقل سے تو ماوریٰ

(ش۱۷،ص۲۷۱)

ناصرؔ، محمد

ایسا تو میں نہیں ہوں مگر ایسا تو کر دے
وہ مجھ کو عطا کر کہ گناہوں سے مفر دے

(ش۱۱،ص۳۰۷)

ناصرؔ، ناصرالدین

کیا کہے خاک کا پتلا کہ وہ ہرجائی ہے
ذرے ذرے میں نمایاں تری رعنائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۳)

ناظم القادری

مرے سینے میں انوارِ محمدؐ ضوفشاں کردے
میں قطرہ ہوں مجھے رحمت سے بحرِ بیکراں کردے

(ش۱۰،ص۲۵۱/ش۱۱،ص۳۰۸)

ناظم، بشیر حسین

مایۂ روح قرارِ دل و جاں حمدِ خدا
فرحت و راحت و بہجت کا نشاں حمدِ خدا

(ش۱،ص۲۵۸)

ناظمؔ، عثمان

بڑا کم تر ہوں میں ذیشان کردے
محمدؐ کا عطا عرفان کردے

(ش۱۱،ص۳۰۹)

تو ارفع ادراک ہے بالائے زمیں ہے
تو قادر و قیّوم، سدا دل کے قریں ہے

(ش۱۷،ص۲۳۹)

نام ندارد

ہر طرف ہی گہر بار ہے خالقِ دوجہاں
بے کسوں کا مددگار ہے خالقِ دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۶۹)

نجم الغنی خان، حکیم مولوی

الٰہی! میں بندہ خطاوار ہوں
جو کچھ تو سزا دے سزاوار ہوں

(ش۱۱،ص۳۱۰)

نجم الہدیٰ، پروفیسر ڈاکٹر

اے بے نیاز تیرا یہ مجھ پر کرم ہُوا
تیرا خیال رزق میں شامل رقم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۸۹)

خالقِ ارض و سما، تیرے سوا کون ہے
مالکِ روزِ جزا تیرے سوا کون ہے

(ش۱۲،ص۳۲۴)

ندیم، شہباز

کوئی ماہتاب ہو جلوہ گر کوئی آفتاب طلوع ہو
سر تیرگی زمانہ اب کسی معجزے کا وقوع ہے

(ش۱،ص۲۸۱/ش۱۱،ص۳۱۱)

ندیم صدیقی

بے خودی بخشی آگہی بخشی
جذبۂ عشقِ سرمدی بخشی

(ش۶،ص۳۰۳)

ندیم وارثی، محمد

کبھی حمد تیری کہا کروں کبھی مدحِ آقا کیا کروں
جو عطا ہوئی ہے یہ زندگی اسے صرف حرفِ ثنا کروں

(ش۳،ص۲۰۴)

ندیم ہمایوں، فرحت

زمیں سبزے سے ڈھک دی کہکشاں سے آسماں تو نے
دکھائے اپنی قدرت کے ہمیں کیا کیا نشاں تو نے

(ش۱۲،ص۳۲۰)

نذیر فتح پوری

بے اماں ہوں، امان دے اللہ
رحمتوں کا مکان دے اللہ

(ش۱۱،ص۳۱۲)

نسیم بستوی

مردہ دل کو مرے زندگی بخش دے
چشمِ بے نور کو روشنی بخش دے

(ش۱۱،ص۳۱۳)

نسیم، وضاحت

مرے حال کو نئی شکل دے تو ہزار شکر ادا کروں
مجھے اذنِ حرفِ ثنا ملے میں کوئی تو کام نیا کروں

(ش۳،ص۱۹۱)

نشتر، عابد

مرے خدا تو مجھے روشنی عطا کردے
شعور بخش دے اور آگہی عطا کردے

(ش۱۱،ص۳۱۴)

نظام متھراوی

قلب مردہ کو زندگی بخشی
میرے ایماں کو تازگی بخشی

(ش۶،ص۲۹۵)

نظامی، امداد

بندگی تیری اطاعت تیری
میرے باطن میں یہ فطرت تیری

(ش۲،ص۲۶۰)

نظرؔ، جمیل

ناز کرتا ہے جہاں ذات پہ بندہ تیرا
اپنی تعریف میں لکھتا ہے قصیدہ تیرا

(ش۲،ص۲۳۷)

نظرؔ زیدی

یارب! نگہ لُطف ہے کمیاب، عطا کر
یہ عالمِ اسباب ہے، اسباب عطا کر

(ش۱۱،ص۳۱۵)

نظیرؔ رامپوری

پاک دل کے آئینے کو باوضو کرتے رہو
رب کے فرماں کے مطابق گفتگو کرتے رہو

(ش۱،ص۲۲۱)

نظیرؔ اب نہ میں کیف و کم چاہتا ہوں
مگر حمد کرنا رقم چاہتا ہوں

(ش۱۱،ص۳۱۷)

نظیرؔ لدھیانوی

میں ہوں غلامِ احمدِ مختارؐ یاغفور
ہوجاؤں مغفرت کا سزاوار یاغفور

(ش۱۱،ص۳۱۶)

نعیمؔ، سیّد ضیاء الدین

درِ توبہ کھلا رکھا ہے ربِّ مہرباں تو نے
خطا کاروں کو مایوسی سے یوں دی ہے اماں تو نے

(ش۱۲،ص۳۱۹)

نگارؔ فاروقی

مجھ پہ مولا مرے کرم کر دے
معتبر میرا بھی قلم کر دے

(ش۱۱،ص۳۲۰/ش۱۴،ص۵۸۹)

ہر موئے بدن بھی گر زباں ہو
ممکن نہیں حمدِ رب بیاں ہو

(ش۱۴،ص۵۸۸)

نورؔ، نور الدین

عالمِ خاک میں ایسی چمن آرائی ہے
جس پہ فردوس ہی سو جان سے شیدائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۴)

سب کی بگڑی بنا خالقِ دوجہاں
ہے مری یہ دعا خالقِ دوجہاں

(ش۱۰،ص۱۶۷)

ذکر پروردگار کرتا ہوں
دور دل کا غبار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۱)

جب تک چراغِ زیست میں کچھ روشنی رہے
یارب یہ التجا ہے کہ عزت بنی رہے

(ش۱۱،ص۳۱۸/ش۱۰،ص۲۵۴)

اک مشتِ خاک پر کرم ایسا ترا ہُوا
عظمت میں قدسیوں سے بھی انساں سوا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۳۲)

دل کے ورق پہ نام جو تیرا رقم ہُوا
دل سے ہمارے دُور زمانے کا غم ہُوا

(ش۱۲،ص۳۰۴)

نوؔر، نور جہاں

جو ذرّے منتشر ہیں ان کو اک کوہِ گراں کردے
الٰہی شوکتِ اسلام دنیا پر عیاں کردے

(ش۴،ص۲۳۷/ش۱۱،ص۳۱۹)

نوریؔ میاں، مفتی اعظم ہند

قلب کو اُس کی رویت کی ہے آرزو
جس کا جلوہ ہے عالم میں ہر چار سو

(ش۵،ص۱۸۴)

نوؔن جاوید

وصفِ انساں شمار کرتا ہوں
شکر پروردگار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۷۶)

نیاؔز محمد خاں شیرانی

جلوہ گر ہر طرف تو ہی تو، تو ہی تو
تو ہی تو، تو ہی تو، تو ہی تو، تو ہی تو

(ش۱۱،ص۳۲۱)

نیؔر اسعدی

جسم میں جان روح کی بخشی
تیرا احساں ہے زندگی بخشی

(ش۶،ص۲۹۱)

یارب مرے دماغ کو فکر و خیال دے
وہ عشق دے کہ جس کی زمانہ مثال دے

(ش۱۱،ص۳۲۲)

نیؔر حامدی

ثانی نہیں تیرا چمنِ روزگار میں
دھومیں ہیں تیری عالمِ ہژدہ ہزار میں

(ش۲،ص۲۴۴)

نیؔر، ضیا

خداوندا بنائے ہیں زمین و آسماں تو نے
کیے تخلیق خلاّقی سے اپنی یہ جہاں تو نے

(ش۱۲،ص۳۱۶)

نیرنگؔ کاکوروی

چمکے فروغ حمد سے حسن رقم مرا
سجدے میں سر جھکائے ادب سے قلم مرا

(ش۲،ص۲۲۹)

نیؔر وموہی قادری ابو العلائی

الٰہی تجلّی تری چار سو ہے
ترے دم سے باغِ جہاں خوبرو ہے

(ش۳،ص۲۱۳)

واصلؔ عثمانی

اسی غور و فکر میں مدتوں سے جھکا ہوا ہے سرِ قلم
تری حمد ایسی لکھے کہ پھر کوئی اور کر نہ سکے رقم

(ش۱،ص۲۶۶)

مرے رب یہی ہے مری دعا
مرے دل کو ایسا ہو غم عطا

(ش۱۱،ص۳۲۳)

وحشی مدراسی، محمد حسین وارثی

سب پہ روشن ہے کہ ہے عالم انوار میں تو
شمع میں نور ترا لمعۂ رخسار میں تو

(ش۲،ص۲۱۹)

تری حمد مالکِ دوجہاں شب و روز دل سے لکھا کروں
میری عمر اس میں تمام ہو یہی ایک کام کیا کروں

(ش۳،ص۲۰۰)

وسیم فاضلی، پروفیسر

کس کے درِ اقدس پر وسیم آج جبیں ہے
اب میری نگاہوں میں نہ دنیا ہے نہ دیں ہے

(ش۶،ص۱۰)

وفا، غلام علی

اے خدائے بادو باراں لطفِ سیرابی تو دے
کوئی راحت بیز لمحہ اجرِ بیتابی تو دے

(ش۱۱،ص۳۲۴)

وقار صدیقی اجمیری

تو احد ہے تو صمد ہے قادر و قیوم ہے
خالق ہر ہستیٔ معلوم و نامعلوم ہے

(ش۲،ص۲۳۵۔۲۳۶)

وقار مانوی

توکب نہیں تھا، کب نہیں ہوگا خدا ہے تو
قبل ہر ابتدا پس ہر انتہا ہے تو

(ش۱،ص۲۶۳)

نظر کے پردے میں سوز نہاں بھی تیرا ہے
مکاں اِک اور درون مکاں بھی تیرا ہے

(ش۲،ص۲۵۷)

ولی عالم جلالی

اٹھا قلم تو دل بھی سپردِ قلم ہوا
لکھی جو حمد حال بھی دل کا رقم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۲)

ہاتف عارفی

ذکرِ پروردگار کرتا ہوں
وقت کو سازگار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۶)

ہاشمی، انوار جاوید

خامہ و دست قلم کار میں گفتار میں تو
لفظ و معنی سے مرصع مرے افکار میں تو

(ش۲،ص۲۱۳۔۲۱۴)

خود ستائش نہ تعلّی نہ خود آرائی ہے
حمد یہ نیّت اخلاص نے لکھوائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۸)

یارب نہ میرے دل کو بارِ غمِ دنیا دے
آغاز کیا بہتر انجام بھی اچھا دے

(ش۱۱،ص۳۲۵)

یہ صلوٰۃ خمسہ کیا ہیں جز نبوت کا ثبوت
جو نمازی بن گیا دے گا اطاعت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۵۸)

وردِ زباں جو اسمِ رسولؐ و خدا ہُوا
کثرت سے اعتماد سے صبح و مسا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۱۲)

ہمدم، یونس

ہر اک زمین ہر اک آسماں کا مالک تو
مکاں بھی تیرے ہیں اور لامکاں کا مالک تو

(ش۵،ص۱۶۱)

ہویدا، یونس

طور پہ حسنِ ازل تیری ہی رعنائی ہے
چاند کا حسن ہے کیا تیری ہی زیبائی ہے

(ش۱۰،ص۱۵۰)

ربِّ عالم ہے خالقِ عالم
بندگی اختیار کرتا ہوں

(ش۱۰،ص۱۸۲)

تسخیرِ ماہتاب ہے اُس ذوالجلال کے سبب
اترا نہیں میں چاند پہ اپنے کمال کے سبب

(ش۱۰،ص۱۹۷)

جس کی حکمت سے بنا سارا جہاں تو ہی تو تھا
کن سے پہلے کون تھا اے لامکاں تو ہی تھا

(ش۱۰،ص۲۱۰)

اسی کے انس وجاں، باغِ جناں بھی اس کا ہے
زمیں بھی اس کی ہے اور آسماں بھی اُس کا ہے

(ش۱۰،ص۲۲۱)

سکونِ دل مرے داور عطا کر
مریضِ عشق ہوں میری دوا کر

(ش۱۱،ص۳۲۶)

گرداب میں ہے کشتی اللہ سہارا دے
رحمت کی نظر کرکے ساحل پہ تو پہنچا دے

(ش۱۱،ص۳۲۷)

یہ فیضانِ حبیبِ کبریاؐ ہے
نظر کے سامنے نورِ خدا ہے

(ش۱۲،ص۱۸۶)

آب و تابِ طورِ سینا تیری سطوت کا ثبوت
چاند، سورج، کہکشاں ہیں، تیری عظمت کا ثبوت

(ش۱۲،ص۱۵۷)

اللہ کے کرم سے وہ جذبہ عطا ہُوا
یہ بندۂ حقیر بھی محوِ ثنا ہُوا

(ش۱۲،ص۲۱۴/ش۱۴،ص۶۰۴)

واحد ہے وہ اللہ جو ہے ذات میں یکتا
وہ ذات کہ جو اپنی ہر اک بات میں یکتا

(ش۱۲،ص۲۵۰)

مصروفِ حمد جب کبھی میرا قلم ہُوا
دل پر مرے بھی لفظِ محبت رقم ہُوا

(ش۱۲،ص۲۹۵)

یہ آرزو ہے دل کو ہمارے ضیا ملے
صدقے میں آنحضورؐ کے یارب شفا ملے

(ش۱۲،ص۲۷۷)

لیے ہیں اپنے بندوں کے ہزاروں امتحاں تو نے
اتارے ہیں رسولوں کے زمیں پر کارواں تو نے

(ش۱۲،ص۳۱۷)

سب پہ رحمت کُناں ہے ربِّ جلیل
حاکمِ دوجہاں ہے ربِّ جلیل

(ش۱۳،ص۸)

گرداب میں ہے کشتی اللہ سہارا دے
رحمت کی نظر کر کے ساحل پہ تو پہنچا دے

(ش۱۴،ص۶۰۵)

یاد، مشکور حسین

ترا کرم ہے کہ ہم فضائے دوام میں سانس لے رہے ہیں
تری عنایاتِ بے کراں کے نظام میں سانس لے رہے ہیں

(ش۱۴،ص۶۰۶)

کاسۂ گدائی میں
خدائی ڈال دی

(ش۱۴،ص۶۰۷)

رب کونین، نہ اول ہے نہ جس کا آخر
باطنی جس کی بصیرت ہو اسی پر ظاہر

(ش۹،ص۳۷۳۔۳۷۶)

نعتیں

آفتاب کریمی

نعت تو ہے تعریفِ محمد نعت درودِ پاک بھی ہے
سمجھا وہی اس نکتہ کو قرآں کا جسے ادراک بھی ہے

(ش۷،ص۲۰۴)

آبد، سرفراز

محمدؐ ایک لفظ مختصر ہے
مگر پھیلاؤ اس کا کس قدر ہے

(ش ۷،ص ۲۰۷)

ابرار کرت پوری

ہر ایک مطلع اول رخ و جمال کے نام
غزل غزل ہے مری مشک بو خیال

(ش۷،ص ۲۱۰)

اثر، عبدالجبار

دین و دنیا میں اگر انساں کو عزت چاہیے
اپنی پلکوں پر کوئی اشکِ ندامت چاہیے

(ش۷،ص۲۱۳)

اختر ہاشمی

سمجھ میں آئے تو کیسے بھلا مقامِ رسولؐ
جہاں ہے نام خدا کا وہیں ہے نامِ رسولؐ

(ش۱۳،ص۱۱)

ادیبؔ رائے پوری

لب پر ہر دم نامِ نبی ہے میرے، شام سویرے
جگمگ جگمگ ان کی عطا سے میرے، شام سویرے

(ش۱،ص ۳۸۷)

آنکھ میں جب اشک آیا ہوگئی نعتِ رسولؐ
درد جب دل میں سمایا ہوگئی نعتِ رسولؐ

(ش۶،ص ۳۶۱)

ارشؔ صابری

مرا آقاؐ رسولِ حق نما بھی
وہی ہے شافعِ روزِ جزا بھی

(ش۱۲،ص ۳۴۰)

اظہرؔ عباس ہاشمی

سرورِ دنیا و دیں بھی ساقیِ کوثر بھی آپ
ہے محیطِ عصر و عالم اک بشر کی روشنی

(ش۶،ص۴۰۰)

اظہرؔ، محمد کمال

یاد نبیؐ جو آج ادھر سے گزر گئی
میرے تصورات کی دنیا مہک گئی

(ش۶،ص ۳۹۳)

اقبالؔ حیدر

وہ فکر کا خزینہ وہ آگہی کا زینہ
ہر عشق کا ہے محور وہ علم کا خزینہ

(ش۱،ص ۳۹۲)

اقبالؔ عالم

عرش سے اتری حرا میں نور کی پہلی کرن
چھا گئی کون و مکاں پر رحمت حق کی کرن

(ش ۱،ص ۳۹۳)

اقبالؔ عظیم

کوئی نبی کو مرا حال کیا سنائے گا
یہ میرے آنسو یہ لہجہ کہاں سے لائے گا

(ش ۶،ص ۱۴۸)

سجدوں میں اثر اور ہے جلووں کا اثر اور
کعبے کی سحر اور ہے طیبہ کی سحر اور

(ش ۶،ص ۱۴۸)

ہم کو کیا مل گیا چاندنی سے
ہم کو کیا دے دیا روشنی نے

(ش ۶،ص ۱۴۹)

مدینے کا سفر ہے اور میں نم دیدہ نم دیدہ
جبیں افسردہ افسردہ، قدم لغزیدہ لغزیدہ

(ش۶،ص۱۴۹)

اقبالؔ، محمد، علامہ

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا

(ش۱۶،ص۱۵)

نگاہ عشق کی دیکھ لیتی ہے پردۂ میم کو اٹھا کر
وہ بزمِ یثرب میں آ کے بیٹھیں ہزار منہ کو چھپا چھپا کر

(ش۱۶،ص ۲۱۳)

حضورﷺ دہر میں آسودگی نہیں ملتی
تلاش جس کی ہے وہ زندگی نہیں ملتی

(ش۱۶،ص۲۱۴)

اقبال نجمی، محمد

نبیؐ کے نور کی بارش جہاں بھر میں برستی ہے
نبیؐ کے پیار کی خوشبو رگ و پے میں اترتی ہے

(ش ۱۷،ص ۱۹۵)

امانؔ، یاور

محمدؐ کو بشر کے آئینے میں دیکھتا کیا ہے
وہ بے چہرے کا چہرہ ہے نظر کا آئینہ کیا ہے

(ش۶،ص۳۸۳)

امجدؔ حیدرآبادی

فرقت میں جاں برباد ہے آیا ہے اب آنکھوں میں دم
جا کر سنائے کون انھیں افسانۂ بیمارِ غم

(ش ۶،ص ۳۴۶)

امیدؔ فاضلی

افشا ہوا قرآن سے یہ راز محمدؐ
اللہ کی آواز ہے آواز محمدؐ

(ش۷،ص۲۰۲)

انجم رحمانی

سرِ لوح عمل لکھا ہوا ہے
ہمارا ورد ہی صلِ علیٰ ہے

(ش ۶،ص ۳۹۶)

انجم شادانی

خلوتِ رب میں جو آقاؐ نے سجائے لمحے
جشن ایسا تھا کہ پھولے نہ سمائے لمحے

(ش۱۳،ص۱۰)

انجم، قمر

شہر نبیؐ ہے کتنا معطر قدم قدم
ملتی ہے بوئے زلفِ پیمبرؐ قدم قدم

(ش۱،ص ۳۹۶)

انجم، قمرالدین

گنبدِ خضرا رہے ہر دم نظر کے سامنے
میں دعا بن جاؤں گا بابِ اثر کے سامنے

(ش ۶،ص ۳۶۲)

انصارؔ الہ آبادی، شاہ

جب محمدؐ کی بات ہوتی ہے
وجد میں کائنات ہوتی ہے

(ش ۶،ص۳۵۲)

انوارؔ فریدی

خدا کی مہربانی کا اشارا
وہ اک روشن دیا وہ اک ستارا

(ش۶،ص ۳۹۵)

انورؔ بریلوی

وقت ہے بے گماں امیر قافلۂ حیات کا
ہوگیا خود بھی اسیر قصہ ہے ایک رات کا

(ش۶،ص ۳۵۷)

انور شعور

وہ آدمی بھی نگاہ فلک نے دیکھے ہیں
جو دشمنوں کو دعاؤں میں یاد کرتے تھے

(ش۲،ص ۳۴۵)

بقا نظامی عظیم آبادی

دلیل و حجت و برہان بس محمدؐ ہیں
خود اپنی ذات میں قرآن بس محمدؐ ہیں

(ش۱۳،ص ۱۹۵)

بہار کوٹی

اتنا تو ہو سودائے فراوانِ محمدؐ
قدموں پہ ہو سر، سر پہ ہو دامانِ محمدؐ

(ش۲،ص۳۴۲/ش۷،ص۲۰۰)

بہزاد لکھنوی

جہاں در جہاں عکس روئے محمدؐ
چمن در چمن رنگ و بوئے محمدؐ

(ش۱،ص۳۷۴)

سکوں نا آشنا ہے حال بیتابانہ برسوں سے
تڑپتا ہے حضوری کو دل دیوانہ برسوں سے

(ش۲،ص۳۴۰)

بھلا اور میں ان کا بیاں اللہ اللہ
خدا جن کا ہے مدح خواں اللہ اللہ

(ش۶،ص۳۴۷)

یا مصطفیٰ کا ورد ہی رکھتے ہیں جان و دل
خالق کے فضل سے یہ عبادت ہے ان دنوں

(ش۸،ص۱۰)

دنیا کو کیا بتاؤں کیا مجھ کو جستجو ہے
طیبہ کی آرزو تھی طیبہ کی آرزو ہے

(ش۸،ص۱۱۳)

مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے
مقدر بنائیں یہ جی چاہتا ہے

(ش۸،ص۱۱۳)

دل جس پہ جھومتا ہے وہ نام ہے مدینہ
حق کی طرف سے ہم کو انعام ہے مدینہ

(ش۸،ص۱۱۴)

نہ مجھے فنا کی تلاش ہے نہ مجھے بقا کی تلاش ہے
درِ مصطفیٰ کی ہے آرزو درِ مصطفیٰ کی تلاش ہے

(ش۸،ص۱۱۵)

مرادِ نظر ہیں مدینے کی گلیاں
مری چارہ گر ہیں مدینے کی گلیاں

(ش۸،ص۱۱۵)

ہم عاصیوں کا تمؐ ہو سہارا خدا گواہ
ورنہ نہیں ہے کوئی ہمارا خدا گواہ

(ش۸،ص۱۱۶)

دارا کو چنا ہے نہ سکندر کو چنا ہے
میں نے تو فقط شافعِ محشرؐ کو چنا ہے

(ش۸،ص۱۱۶)

مجھ کو تو ربط صرف حبیبِ خدا سے ہے
دامن بھرا ہوا مرا ان کی عطا سے ہے

(ش۸،ص۱۱۶)

مرکزِ فکرِ عارفیں صل علیٰ محمدؐ
منزلِ فکرِ عارفیں صل علیٰ محمدؐ

(ش ۸، ص ۱۱۷)

دنیا میں مجھے ہے فقطِ ارمانِ محمدؐ
قربانِ محمدؐ ہوں میں قربانِ محمدؐ

(ش ۸، ص ۱۱۷)

یا محمدؐ وجہِ ایماں آپ ہیں
باعثِ الہام و عرفاں آپ ہیں

(ش ۸، ص ۱۱۷)

ہیں رونقِ بحر و بر محمدؐ
ہیں زینتِ خشک و تر محمدؐ

(ش ۸، ص ۱۱۸)

کیوں نہ ہوں میں فدا محمدؐ پر
شیفتہ ہے خدا محمدؐ پر

(ش۸، ص ۱۱۸)

میں جب ان کے پیشِ نظر جاؤں گا
خدا جانتا ہے سنور جاؤں گا

(ش ۸، ص ۱۱۸)

ان کو سب معلوم ہے کیوں مدعا کہتے رہو
ان کا نام آئے تو بس صلِ علیٰ کہتے رہو

(ش ۸، ص ۱۱۹)

میں تو نثارِ طیبہ ہوں رنج و ملال کیوں کروں
میں تو وہاں کا ہوں گدا تم سے سوال کیوں کروں

(ش ۸، ص ۱۱۹)

یارب! مجھے وہ عشق کا کعبہ نظر آئے
جب آنکھ لگے گنبدِ خضرا نظر آئے

(ش ۸، ص ۱۲۰)

جب کبھی ان کا نام پڑھتا ہوں
میں درود و سلام پڑھتا ہوں

(ش ۸، ص ۱۲۰)

کیا خوب ہے خیال کی دنیا خوشا نصیب
پیشِ نظر ہے گنبدِ خضرا خوشا نصیب

(ش ۸، ص ۱۲۱)

بجز آپ کے کسی پر مرا دل فدا نہیں ہے
مری زندگی میں شاہا کوئی دوسرا نہیں ہے

(ش ۸، ص ۱۲۱)

گر چاہتے ہو اپنے غموں کی دوا کرو
ذکرِ حضور و ذکرِ مدینہ کیا کرو

(ش ۸، ص ۱۲۲)

دستگیرِ جہاں محمدؐ ہیں
شافعِ عاصیاں محمدؐ ہیں

(ش۸، ص ۱۲۲)

دنیا سے کیا میں حالِ دلِ مبتلا کہوں
محرومِ گوش و ہوش سے کیوں ماجرا کہوں

(ش ۸، ص ۱۲۳)

ذکرِ شہِ لولاکؐ کا دل پر یہ اثر ہے
ہر وقت مری روضۂ اقدس پر نظر ہے

(ش ۸، ص ۱۲۴)

مری حسرت ہے مدینہ ترے قدموں کی قسم
بس وہی ہے مری دنیا ترے قدموں کی قسم

(ش ۸،ص ۱۲۷)

مدینے کی حسرت کے قربان جاؤں، یہ رحمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہ اس سبز گنبد کا ہر دم تصور، عبادت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

(ش ۸،ص ۱۲۶)

اس طرح یادِ رخِ خیر البشرؐ کرتا رہوں
ذکرِ قمری کرکے دل سوئے قمر کرتا رہوں

(ش ۸،ص ۱۲۵)

ارماں وہی ہے اور وہی حسرت ہے ان دنوں
کیسی سجی ہوئی مری خلوت ہے ان دنوں

(ش ۸،ص ۱۲۸)

اے شاہِ رسلؐ اپنے گدا پر بھی نظر ہو
ایسا نہ ہو مر جائے کسی کو خبر نہ ہو

(ش ۸،ص ۱۲۹)

کیوں کر نہ مدینے کو کہوں قبلۂ دیں ہے
میرا تو بجز آپؐ کے کوئی بھی نہیں ہے

(ش ۸،ص ۱۳۰)

بیدمؔ شاہ وارثی

عدم سے لائی ہے ہستی میں آرزوئے رسولؐ
کہاں کہاں لیے پھرتی ہے جستجوئے رسولؐ

(ش ا،ص ۳۷۰)

بیکلؔ اتساہی

جو مدینہ ہم بھی جاتے تو کچھ اور بات ہوتی
وہیں راہ بھول جاتے تو کچھ اور بات ہوتی

(ش ا،ص ۳۸۵)

پیامیؔ مراد آبادی

وہ بیاں جو ختم نہ ہوسکے وہ بیاں بیانِ رسول ہے
جو بلند ہوتی رہے سدا وہی شان شانِ رسول ہے

(ش ۳،ص ۴)

ہیں آپ خوگرِ درگذر، سہے کیسے صبر سے ظلم و شر
اسی ایک آپ کی شان پر تو ہیں معترف سب ہی دیدہ ور

(ش ۶،ص ۳۶۶)

جمال آپ کا ہے اتم یا محمدؐ
خیال آپ کا ہے ارم یا محمدؐ

(ش ۷،ص ۲۱۰)

تابشؔ دہلوی

تمام شکل محمدؐ میں جلوہ آرا ہے
وہ حسن ذات جو ہر آئینہ سے پیدا ہے

(ش ۷،ص ۲۰۱)

تابشؔ صمدانی

ہر درد کی ملتی ہے دوا آپؐ کے در سے
ہوتی ہے اثریاب دعا آپؐ کے در سے

(ش ۱۷،ص ۲۱۳)

تائبؔ، حفیظ

تج کے بے روح مشاغل اے دل
چھیڑ حضرت کے شمائل اے دل

(ش ۶،ص ۱۲۴)

اے سرور دیں نور ہے یکسر تری سیرت
اقدار کو کرتی ہے منور تری سیرت

(ش۶،ص۱۲۴)

کس طرح چاند نگر تک پہنچوں
آپ بلوائیں تو در تک پہنچوں

(ش ۶،ص ۱۲۵)

چھوڑ امید و بیم کی باتیں
چھیڑ درِ یتیم کی باتیں

(ش ۶،ص ۱۲۵)

یوں ذہن میں جمال رسالت سما گیا
میرا جہانِ فکر و نظر جگمگا گیا

(ش ۱۷،ص۷۴)

ثمرؔ، اقبال

جس پہ ذرا عکس ہے آپؐ کے التفات کا
اس پہ کوئی اثر نہیں شورشِ کائنات کا

(ش ۶،ص ۳۸۸)

جاذبؔ قریشی

زخموں کی قبا ہو کہ گلابوں کی ردا ہو
وہ رنگ ملے صلِّ علیٰ جس پہ لکھا ہو

(ش ۲،ص ۳۴۷)

مثالی آئینے ہیں آئینے خورشیدِ رحمت کے
کہ سارے عکس اجالوں کے سب چہرے محبت کے

(ش ۱۲،ص ۳۳۷)

جامیؔ، عبدالرحمٰن، مولانا

زمہجوری برآمد جانِ عالم
ترحم یا نبی اللہ ترحم

(ش ۱۳،ص ۱۶۹۔۱۷۳)

جبرانؔ انصاری

اے دل بہ اہتمام درود و سلام بھیج
ختم الرسلؐ کے نام درود و سلام بھیج

(ش ۷،ص ۲۱۱)

جعفرؔ بلوچ، پروفیسر

پَو پھٹی دیدہ و دل منور ہوئے
آپؐ آئے تو سب نقش اجاگر ہوئے

(ش ۱۷،ص ۱۴۷)

جمیلؔ میاں سلطانی، الحاج شاہ محمد

مسرور بہ دیدار غلامان محمدؐ
مخمور ہیں میخوار بہ احسان محمدؐ

(ش ۱،ص۴)

جوشؔ ملیح آبادی

اے مسلمانو! مبارک ہو نوید فتح باب
لو وہ نازل ہورہی ہے چرخ سے ام الکتاب

(ش ۶،ص ۳۵۵)

حافظؔ لدھیانوی

سرکارؐ کی مدحت ہو موضوعِ سخن میرا
تفسیرِ دل و جاں ہو آئینۂ فن میرا

(ش۱۷،ص ۹۱)

حبیبؔ، قاری سید

راہ میں تیرگی رہے کب تک
دید کی تشنگی رہے کب تک

(ش ۱۳،ص۱۹۴)

حسنؔ رضا خان، مولانا

سیرِ گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر
سوئے جنت کون جائے در تمھارا چھوڑ کر

(ش۱، ص ۳۷۱)

حمایتؔ علی شاعر

اک شخص کائنات کا محور کہیں جسے
بندہ ہے لیکن بندۂ اکبر کہیں جسے

(ش ۶، ص ۳۵۶)

حنیفؔ اسعدی

بس یہی دو ہیں میرے سخن کے اصول
حمد ذکرِ خدا نعت ذکرِ رسولؐ

(ش ۲، ص ۳۴۴)

یہ اہتمام کہ رکنے نہ پائے ذکرِ دوام
خدا بھی بھیجے خدائی کے ساتھ ان پہ سلام

(ش ۶، ص ۳۵۴)

دونوں جلووں کو بہم دیکھا ہے
روضہ دیکھا تو حرم دیکھا ہے

(ش ۷، ص ۲۰۱)

حیدرؔ گردیزی

اپنائی شہرِ دل نے جو عادت رسولؐ کی
بسم اللہ پڑھ کے اتری ہے الفت رسولؐ کی

(ش ۷، ص ۲۰۶)

حیرتؔ الہ آبادی

ہوا تخلیق جب عالم تو پہلے مصطفیٰؐ آئے
تصور میں مرے ہر دم خیالِ مصطفیٰؐ آئے

(ش ۱۳، ص ۱۹۳)

خاکیؔ القادری، عزیز الدین

مصطفیٰؐ جیسا سوائے مصطفیٰؐ کوئی نہیں
آپ ہیں خیر الوریٰ، خیر الوریٰ کوئی نہیں

(ش ۱۲، ص ۳۴۴)

شاہِ دو عالمؐ کے صدقے میں سارا زمانہ مہکا مہکا
ان کی غلامی میں جو آیا اس کو پایا مہکا مہکا

(ش ۱۳، ص ۱۹۵)

خالدؔ شفیق

جب ان کے تصور کو بساتا ہوں نظر میں
ہوجاتا ہے کچھ اور اجالا میرے گھر میں

(ش ۱۳، ص ۱۸۹)

کیسے نہ برسے چاندنی بطحا کے چاند کی
جب رہنما ہو زندگی بطحا کے چاند کی

(ش ۱۷، ص ۱۳۱)

خالدؔ عرفان

مرے خدا مجھے آگاہ رنگ و بو رکھنا
بروزِ حشر مجھے ان کے روبرو لکھنا

(ش ۱۳، ص ۱۹۰)

خالدؔ محمود نقشبندی

رشتے تمام توڑ کے سارے جہاں سے ہم
وابستہ ہوگئے ہیں ترے آستاں سے ہم

(ش ۱، ص ۳۹۷)

عمل سے نکہتِ عشقِ رسولؐ پیش کرو
کلامِ پاک کا شانِ نزول پیش کرو

(ش ۶، ص ۳۶۳)

بہ پاسِ حد ادب اذنِ مدعا چاہوں
حضورؐ میں بھی شفاعت کا آسرا چاہوں

(ش ۱۲، ص ۳۴۱)

خاورؔ، رحمان

روشن ہے جس سے زیست کی یہ انجمن تمام
اس نورِ آگہی پہ فدا جان و تن تمام

(ش ۱۳، ص ۱۹۳)

دانش، احسان

کعبۂ جاں قبلۂ قلب و نظر پیدا ہوئے
خواجۂ کونینؐ، شاہِ بحر و بر پیدا ہوئے

(ش ۷، ص ۱۰)

ذہینؔ شاہ تاجی، بابا

تمام امت پریشاں ہے اغثنی یارسول اللہ
اسیرِ دامِ عصیاں ہے اغثنی یارسول اللہ

(ش ۱، ص ۳۸۰)

راشدؔ نور

میں منتظر ہوں ابھی ماہ و سال کوئی نہیں
بس ان کے در کے سوا اب کوئی نہیں

(ش ۶، ص ۳۹۲)

راغبؔ مرادآبادی

مددگار ہوگا وہ ہر کلمہ گو کا
لحد ہو کہ راہِ عدم اللہ اللہ

(ش ۱، ص ۳۸۱)

راقم رحمانی جونپوری

ہاں گلِ اخلاقِ آقاؐ کی جو اپنائیں مہک
کیوں نہ ایسا ہو سراپا لوگ بن جائیں مہک

(ش ۱، ص ۳۹۸)

راہیؔ، امتیاز احمد

خیالِ مدینہ میں ڈھل کر اجالے
ہوئے میرے دل کا مقدر اجالے

(ش ۱، ص ۴۰۱)

رشیدؔ وارثی

روضہ شاہ پہ سوغات کے قابل کیا ہے
دوجہاں ان پہ فدا ایک میرا دل کیا ہے

(ش ۱، ص ۳۸۸)

دشتِ ادراک میں بے تاب تھی عرفاں طلبی
وادیٔ شوق میں پروان چڑھا عشقِ نبی

(ش ۶، ص ۳۷۰۔۳۷۱)

مدحِ شہِ لولاکؐ کا اعزاز عطا ہو
اللہ سرِ عرش مری فکرِ رسا ہو

(ش ۱۳، ص ۱۸۳۔۱۸۶)

رضاؔ خاں قادری محدث بریلوی، احمد، امام

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیے ہیں

(ش ۱۱، صفحہ نمبر ندارد/ ش ۱۹، ص ۳۵۸)

سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے
سونے والوں جاگتے رہیو چوروں کی رکھوالی ہے

(ش ۱۳، ص ۱۳۴/ ش ۱۹، ص ۴۰۹)

عرش کی عقل دنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جانِ مراد اب کدھر ہائے ترا مکان ہے

(ش ۱۳، ص ۱۳۴)

لحد میں عشقِ رخِ شہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے

(ش ۱۳، ص ۱۳۵)

سرور کہوں کہ مالک و مولا کہوں تمھیں
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تمھیں

(ش ۱۳، ص ۱۳۵/ ش ۱۹، ص ۳۸۰۔۳۸۱)

سر تا بقدم ہے تن سلطانِ زمن پھول
لب پھول دہن پھول ذقن پھول بدن پھول

(ش ۱۹، ص ۱۷)

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحاؐ تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

(ش ۱۹، ص ۳۲۸ ۔ ۳۲۹)

محمدؐ مظہرِ کامل ہے حق کی شان عزت کا
نظر آتا ہے اس کثرت میں کچھ انداز وحدت کا

(ش ۱۹، ص ۳۳۰)

لطف ان کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا

(ش ۱۹، ص ۳۳۱)

لم یات نظیرک فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سوہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

(ش ۱۹، ص ۳۳۲)

خراب حال کیا دل کو پر ملال کیا
تمہارے کوچہ سے رخصت کیا نہال کیا

(ش ۱۹، ص ۳۳۳۔۳۳۴)

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشئ رحمت کا قلم دان گیا

(ش ۱۹، ص ۳۳۵)

تاب مرآت سحر گرد بیابان عرب
غازۂ روئے قمر دود چراغان عرب

(ش ۱۹، ص ۳۳۶)

بندہ ملنے کو قریب حضرتِ قادر گیا
لمعۂ باطن میں گمنے جلوۂ ظاہر گیا

(ش ۱۹، ص ۳۳۷)

مومن وہ ہے جو ان کی عزت پہ مرے دل سے
تعظیم بھی کرتا ہے نجدی تو مرے دل سے

(ش ۱۹، ص ۳۳۸)

طوبیٰ میں جو سب سے اونچی نازک سیدھی نکلی شاخ
مانگوں نعتِ نبی لکھنے کو روحِ قدس سے ایسی شاخ

(ش ۱۹، ص ۳۳۹)

جوبنوں پر ہے بہارِ چمن آرائی دوست
خلد کا نام نہ لے بلبلِ شیدائی دوست

(ش ۱۹، ص ۳۴۰)

اے شافعِ امم شہ ذی جاہ لے خبر
للہ لے خبر مری للہ لے خبر

(ش ۱۹، ص ۳۴۱)

زہے عزت و اعتلائے محمدؐ
کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمدؐ

(ش ۱۹، ص ۳۴۲۔۳۴۳)

گزرے جس راہ سے وہ سیّدِ والاؐ ہوکر
رہ گئی ساری زمین عنبر سارا ہوکر

(ش ۱۹، ص ۳۴۴)

تمھارے ذرّے کے پَرتو ستارہ ہائے فلک
تمھارے نعل کی ناقص مثل ضیائے فلک

(ش ۱۹، ص ۳۴۵)

نارِ دوزخ کو چمن کردے بہارِ عارض
ظلمتِ حشر کو دن کردے نہارِ عارض

(ش ۱۹، ص ۳۴۶)

کیا ٹھیک ہو رخِ نبوی پر مثالِ گل
پامال جلوۂ کفِ پا ہے جمالِ گل

(ش ۱۹، ص ۳۴۷)

ہے کلامِ الٰہی میں شمس و ضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شبِ تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلفِ دوتا کی قسم

(ش ۱۹، ص ۳۴۸)

عارضِ شمس و قمر سے بھی ہیں انور ایڑیاں
عرش کی آنکھوں کے تارے ہیں وہ خوشتر ایڑیاں

(ش ۱۹، ص ۳۴۹)

رشک قمر ہوں رنگ رخ آفتاب ہوں
ذرہ ترا جو اے شہ گردوں جناب ہوں

(ش ۱۹، ص ۳۵۰)

عشق مولیٰ میں ہو خوں بار کنارِ دامن
یاخدا جلد کہیں آئے بہارِ دامن

(ش ۱۹، ص ۳۵۱)

پوچھتے کیا ہو عرش پر یوں گئے مصطفیٰ کہ یوں
کیف کے پر جہاں جلیں کوئی بتائے کیا کہ کیوں

(ش ۱۹، ص ۳۵۲)

اہلِ صراط روحِ امیں کو خبر کریں
جاتی ہے امتِ نبوی فرش پر کریں

(ش ۱۹، ص ۳۵۳)

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں
دل کو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں

(ش ۱۹، ص ۳۵۴)

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

(ش ۱۹، ص ۳۵۵۔۳۵۶)

ہے لبِ عیسیٰ سے جاں بخشی نرالی ہاتھ میں
سنگریزے پاتے ہیں شیریں مقالی ہاتھ میں

(ش ۱۹، ص ۳۵۷)

راہِ عرفاں سے جو ہم نادیدہ رہ محرم نہیں
مصطفیٰ ہے مسندِ ارشاد پر کچھ غم نہیں

(ش ۱۹، ص ۳۵۹)

وصفِ رخ ان کا کیا کرتے ہیں شرح والشّمس وضحیٰ کرتے ہیں
ان کی ہم مدح و ثنا کرتے ہیں جن کو محمود کہا کرتے ہیں

(ش ۱۹، ص ۳۶۰)

وہ کمالِ حسنِ حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

(ش ۶، ص۳۴۲/ش ۱۹، ص ۳۶۱۔۳۶۲)

زائرو پاس ادب رکھو ہوس جانے دو
آنکھیں اندھی ہوئی ہیں ان کو ترس جانے دو

(ش۱۹، ص ۳۶۳)

رخِ دن ہے یا مہرِ سما یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
شبِ زلف یا مشکِ ختا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

(ش ۱۹، ص۳۶۴)

زمانہ حج کا ہے جلوہ دیا ہے شاہد گل کو
الٰہی طاقتِ پرواز دے پر ہائے بلبل کو

(ش ۱۹، ص ۳۶۵)

چمنِ طیبہ میں سنبل جو سنوارے گیسو
حور بڑھ کر شکنِ ناز پہ وارے گیسو

(ش ۱۹، ص ۳۶۶)

حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو

(ش ۱۹، ص ۳۶۷۔۳۶۸)

یاد میں جس کی نہیں ہوش تن و جاں ہم کو
پھر دکھا دے وہ رخ اے مہرِ فروزاں ہم کو

(ش ۱۹، ص ۳۶۹)

پل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبریل پر بچھائیں پر کو خبر نہ ہو

(ش ۱۹، ص ۳۷۰۔۳۷۱)

کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمھاری واہ واہ
قرض لیتی ہے گنہ پرہیزگاری واہ واہ

(ش ۱۹، ص۳۷۲)

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی
سب سے بالا و والا ہمارا نبی

(ش ۱۹، ص۳۷۳۔۳۷۴)

رونقِ بزمِ جہاں ہیں عاشقانِ سوختہ
کہہ رہی ہے شمع کی گویا زبانِ سوختہ

(ش ۱۹، ص ۳۷۵)

دل کو ان سے خدا جدا نہ کرے
بے کسی لوٹ لے خدا نہ کرے

(ش ۱۹، ص ۳۷۶۔۳۷۷)

پیشِ حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

(ش ۱۹، ص ۳۷۸)

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے

(ش ۱۹، ص ۳۷۹)

مژدہ باد اے عاصیو! شافعِ شہِ ابرار ہے
تہنیت اے مجرمو! ذاتِ خدا غفار ہے

(ش ۱۹، ص۳۸۲)

عرش کی عقل دنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جانِ مراد اب کدھر ہائے ترا مکان ہے

(ش ۱۹، ص ۳۸۳)

گنہ گاروں کو ہاتف سے نوید خوش مآلی ہے
مبارک ہو شفاعت کے لیے احمدؐ سا والی ہے

(ش ۱۹،ص ۳۸۴)

اندھیری رات ہے غم کی گھٹا عصیاں کی کالی ہے
دلِ بے کس کا اس آفت میں آقاؐ تو ہی والی ہے

(ش ۱۹،ص ۳۸۵)

سنتے ہیں کہ محشر میں صرف ان کی رسائی ہے
گر ان کی رسائی ہے تو جب تو بن آئی ہے

(ش ۱۹،ص ۳۸۶۔۳۸۷)

وہ سرورِ کشورِ رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے ساماں عرب کے مہمان کے لیے تھے

(ش ۱۹،ص ۳۸۸۔۳۹۶)

مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو
سرورِ ہر دوسراؐ ہو

(ش ۱۹،ص ۳۹۷۔۳۹۸)

زمین و زماں تمھارے لیے مکین و مکاں تمھارے لیے
چنین و چناں تمھارے لیے بنے دوجہاں تمھارے لیے

(ش ۱۹،ص ۳۹۹۔۴۰۰)

ذرے جھڑ کر تری پیزاروں کے
تاجِ سر بنتے ہیں سیاروں کے

(ش ۱۹،ص ۴۰۱)

قافلے نے سوئے طیبہ کمر آرائی کی
مشکل آسان الٰہی مری تنہائی کی

(ش ۱۹،ص ۴۰۲)

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو ترا آستاں بنایا

(ش ۱۹،ص ۴۰۳)

انبیا کو بھی اجل آئی ہے
مگر ایسی کہ فقط آئی ہے

(ش ۱۹،ص ۴۰۴)

پھر اٹھا ولولۂ یادِ مغیلانِ عرب
پھر کھنچا دامنِ دل سوئے بیابانِ عرب

(ش ۱۹،ص ۴۰۵)

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

(ش ۱۹،ص ۴۰۶۔۴۰۷)

یادِ وطن ستم کیا دشتِ حرم سے لائی کیوں
بیٹھے بٹھائے بد نصیب سر پہ بلا اٹھائی کیوں

(ش ۱۹،ص ۴۰۸)

حرزِ جاں ذکرِ شفاعت کیجیے
نار سے بچنے کی صورت کیجیے

(ش ۱۹،ص ۴۱۰۔۴۱۱)

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

(ش ۱۹،ص ۴۱۲۔۴۲۲)

کعبے کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود

(ش ۱۹،ص ۴۲۳۔۴۲۶)

رضی حیدر، خواجہ

رونق کون و مکاں اسم گرامی آپؐ کا
شمع محراب جہاں اسم گرامی آپؐ کا

(ش ۱، ص ۳۸۹)

ہجوم رنگ میں یا کنجِ تیرگی میں رہوں
ہمیشہ اسمِ محمدؐ کی روشنی میں رہوں

(ش ۵، ص ۲۲۳)

آپ کا ذکر ہے آپ کی گفتگو خاتم الانبیا خاتم الانبیاؐ
ایک خوشبو ہے مہکی ہوئی چارسو خاتم الانبیا خاتم الانبیاؐ

(ش ۶، ص ۳۷۲)

روحی، بیگم سروری عرفان اللہ

اے کاش میں دیکھوں کبھی دنیائے مدینہ
ہو پیشِ نظر جنتِ صحرائے مدینہ

(ش ۲، ص ۳۵۴)

مقیم عرش ہو عرش علیٰ کے رازداں تم ہو
عروجِ آدمیت کے صحیفے کی زباں تم ہو

(ش ۱۲، ص ۳۴۲)

رہبر چشتی، صوفی محبوب احمد

آگہی نعت نبی ہے روشنی نعت نبی
اصل میں ہے زندگی کی زندگی نعتِ نبی

(ش ۷، ص ۲۰۵)

رئیس وارثی

تصویر کی توصیف سے مصور کی ثنا ہے
یوں نام محمدؐ سے عیاں حمد خدا ہے

(ش ۱، ص ۳۹۵)

کوئی بھی کام مسلسل نہیں ہونے پاتا
ذکر سرکار معطل نہیں ہونے پاتا

(ش ۶، ص ۱۲)

بنجر زمیں پہ ابرِ بہاراں برس گیا
مژدہ کہ دودِ سطوتِ خاشاک و خس گیا

(ش ۱۳، ص ۱۸۹)

ریاض الدین سہروردی، سید

عشق احمد چاہیے حبِ مدینہ چاہیے
جو انھیں دیکھا کرے وہ چشمِ بینا چاہیے

(ش ۱، ص ۳۸۴/ ش ۶، ص ۳۵۳)

ریاض حسین چودہری

طبیعت آج بھی میری ثنا خوانی پہ مائل ہے
مرا ذوقِ غلامی لطف و رعنائی کا حامل ہے

(ش ۱۷، ص ۱۷۷)

ریاض مجید

اصحاب میں گھرا ہوا چہرہ حضورؐ کا
میں کاش دیکھ سکتا زمانہ حضورؐ کا

(ش ۶، ص ۳۶۴)

یہی کہوں جب تک بھی جیوں میں صلی اللہ علیہ وسلم
یہی پڑھوں میں یہی سنوں میں صلی اللہ علیہ وسلم

(ش ۱۷، ص ۱۲۳)

ریاض نقشبندی، محمد

یوں مداوائے رنج و الم چاہیے
ان کی بس ایک چشمِ کرم چاہیے

(ش ۶، ص ۳۸۹)

رضیہ سبحان

عکس رعنائی جمال ہیں آپؐ
بے مثالی کی اک مثال ہیں آپؐ

(ش۴،ص۲۶۴)

زاہد فتح پوری

شاہکارِ اوّلیں، اے نور پیکر آفتاب
روشنی ہر دوعالم، ذرّہ پرور آفتاب

(ش۷،ص۲۰۳)

زریں چغتائی، شوکت، ڈاکٹر

میں جب بھی نام لوں ان کا اجالے پھیل جاتے ہیں
انھی کے ذکر سے افکار میرے جگمگاتے ہیں

(ش۴،ص۲۶۵)

ساجد صدیقی لکھنوی

جو ہم کعبے کا دل افروز منظر دیکھ آئے ہیں
قسم اللہ کی اللہ کا گھر دیکھ آئے ہیں

(ش۷،ص۲۰۹)

ساجد مرادآبادی، سجاد احمد

نامِ رسولؐ عشق کا عنواں ہوا تو ہے
ان کی طلب میں چاک گریباں ہوا تو ہے

(ش۱۳،ص۱۹۲)

ساغر، امتیاز

اسمِ معظم لکھتے لکھتے ختم اسی پہ کتاب کریں
پھر ہم شہرِ علم کو جائیں پیش انھیں یہ باب کریں

(ش۱،ص۴۰۰)

میں بھی فہرست بے قرار میں ہوں
شاہ کونین انتظار میں ہوں

(ش۲،ص۳۵۰)

ساقی، عبدالحمید

ایک بخشش کا وسیلہ مرے سامان میں ہے
ہدیۂ نعتِ محمدؐ مرے دیوان میں ہے

(ش۶،ص۳۸۰)

ستار وارثی

قرارِ قلبِ مشتاقاں، انیسِ دلفگاراں ہے
وہیؐ سلطانِ خوباں ہے، وہیؐ جانِ بہاراں ہے

(ش۱،ص۳۷۷)

زینت طرازِ عرش ہو عالی وقار ہو
ابر کرم ہو رحمتِ پروردگار ہو

(ش۲،ص۳۴۳)

ہر اک سجدہ جنونِ شوق کا سوئے محمدؐ ہے
مرا قبلہ، مرا کعبہ یہی کوئے محمدؐ ہے

(ش۶،ص۱۶۲)

ہر طرف آپؐ کا عکسِ رخ زیبائی ہے
آپؐ ہی سے مہ و انجم نے ضیا پائی ہے

(ش۶،ص۱۶۲)

بہارِ عالمِ امکاں، محمد ابنِ عبداللہ
سراپا رحمتِ یزداں، محمد ابن عبداللہ

(ش۶،ص۱۶۳)

بے مثل و بے نظیر ہو تمؐ لاجواب ہو
عرفانِ ذاتِ حق کی مقدس کتاب ہو

(ش۶،ص۱۶۳)

سجاد مرزا

ہم نے جو حرف لکھے ثنا میں تری
مثلِ خورشید چمکے سبھی کے سبھی

(ش۲،ص ۳۴۶)

دولت دید نبی کشکول چشم تر میں ڈال
اے خدا! نور محمدؐ سے مری دنیا اجال

(ش۷،ص ۲۰۸)

سحر انصاری

کہیں سب آسمانی و زمانی
سلام رحمۃ اللعالمینی

(ش۶،ص ۳۶۵)

سراج اورنگ آبادی

رسول خدا سید المرسلینؐ
قیادت کے دن شافع المذنبینؐ

(ش۶،ص ۳۴۵)

سرخوش شادانی

قصے جس دن سے سنے ہیں تری رعنائی کے
دیدنی حوصلے ہیں چشم تمنائی کے

(ش۷،ص ۲۰۰)

سعید نقشبندی دہلوی

جس کے دل میں بس گئی ہے لا اللہ کی روشنی
اس کے لب کو چومتی ہے مصطفیٰ کی روشنی

(ش۱،ص۴۰۲)

سعید وارثی

کیسے ممکن ہے کہ نعتِ شہِ والا لکھوں
اس کے معنی ہیں کوئی تازہ صحیفہ لکھوں

(ش۶،ص ۳۶۹)

سعید ہاشمی، الحاج

اگر کوئی اپنا بھلا چاہتا ہے
اسے چاہے جسے خدا چاہتا ہے

(ش۱،ص ۴۰۳)

سلطان میاں شیر سبحانی، محمد، مخدوم شاہ

کوئی ویرانہ دل میں بسا ہے
سیہ گیسو ہیں رخِ نوری لقا ہے

(ش۲،ص ۳۳۸۔۳۳۹)

سوز شاہ جہان پوری

طٰہٰ لقب پیدا ہوا وہ کھل گیا بابِ حرم
ہیں وجد میں ارض و سما تسبیح خواں لوح و قلم

(ش۶،ص ۳۵۰)

سیدہ رہبر کاظمی امروہوی

سراجِ منیر بن کر، مٹانے ظلمت کا نام آیا
ہدایتوں کی دکھانے مشعل وہ حق کا لے کر کلام آیا

(ش۴،ص ۲۵۵)

سیدہ نازنین اصغر کاظمی

جان و دل آپ پہ قربان رسولِ عربیؐ
آپ ہیں بولتا قرآن رسولِ عربیؐ

(ش۴،ص ۲۵۷)

سیمیںؔ برلاس

کہاں ہوسکے گی ہم سے شہِ انبیاء کی مدحت
کہ نہیں ہے ان سے بڑھ کر جہاں میں کسی کی سطوت

(ش۴،ص۲۵۸)

شاداںؔ دہلوی

دل کی زمیں میں نعت رسولِ زماں کہو
اور پھر اسے زمیں نہ کہو آسماں کہو

(ش۶،ص۱۷۳)

عشق احمد کی سند اشک رواں سے آئی
دل کی یہ بات بھی آنکھوں کی زباں سے آئی

(ش۶،ص۱۷۳)

کیا بتائیں کہاں مدینہ ہے
دل مدینہ ہے جاں مدینہ ہے

(ش۶،ص۱۷۴)

دل پرستارِ شاہِ اممؐ ہوگیا
اک فسانہ حقیقت میں ضم ہوگیا

(ش۶،ص۱۷۴)

شادؔ، غفار، پروفیسر

مری بینائی بن جائے مری تصویر ہوجائے
مری آنکھوں میں گر روشن تری تصویر ہوجائے

(ش۶،ص۳۷۷)

شاعرؔ لکھنوی

تصور ہے رسول ہاشمی کا
دریچہ کھل گیا ہے روشنی کا

(ش۹،ص۱۳۷)

جب مدینے کا سفر یاد آیا
عالمِ دیدۂ تر یاد آیا

(ش۶،ص۱۳۷)

رخ نگاہوں کا ادھر ہم نے کیا
کیا حسیں کارِ نظر ہم نے کیا

(ش۶،ص۱۳۸)

لکھے وصف محمدؐ کس میں دم ہے
میں سجدے میں ہوں سجدے میں قلم ہے

(ش۶،ص۱۳۸)

شاہدؔ، محمد ہارون

رحمت دو جہاں ہیں محمدؐ
راحتِ قلب و جاں ہیں محمدؐ

(ش۱۲،ص۳۴۲)

شاہدہؔ لطیف

اٹھیں جو ہاتھ تو سارے سلام تیرے ہوں
مری نظر کے سبھی احترام تیرے ہوں

(ش۴،ص۲۵۲)

شاہنوازؔ مرزا

جن کے محمدؐ ان کا خدا ہے، میرے محمدؐ ایسے ہیں
ان کی رضا بھی رب کی رضا ہے، میرے محمدؐ ایسے ہیں

(ش۲،ص۳۵۲)

شہزادؔ زیدی

آپؐ کے قول سے ہی فرق عیاں ہوتا ہے
ورنہ ہر قول پہ آیت کا گماں ہوتا ہے

(ش۶،ص۴۰۱)

شبنمؔ رومانی

زیست جب تک ان کے خد و خال میں آئی نہ تھی
قدرت بے مثل آپ اپنی تماشائی نہ تھی

(ش۲،ص ۳۴۹)

شفیعؔ، محمد، مفتی

اے کاش! پھر مدینے میں اپنا قیام ہو
دن رات پھر لبوں پہ درود و سلام ہو

(ش۵،ص ۲۱۹)

شفیقؔ احمد فاروقی مدنی

در پہ آقاؐ کے غلامی کا وسیلہ لے کر
ہوں میں حاضر بہ سرِ عجز خمیدہ لے کر

(ش۱۲،ص ۹)

شکیلؔ اورنگ آبادی

آغاز نامِ رب سے ہے مدحت رسولؐ کی
لکھوا رہی ہے مجھ سے ارادت رسولؐ کی

(ش۷،ص ۹۱۔۹۲)

شمس الرحمٰن فاروقی

خلد نشاں زیست اگر چاہیے
ذکرِ نبی شام و سحر چاہیے

(ش۶،ص ۳۹۲)

شمع صدیقی

ایسا کر جاؤں عمل جو مجھے کامل کر دے
یادِ احمدؐ میں ہر اک چیز سے غافل کر دے

(ش۴،ص ۲۶۲)

شہابؔ دہلوی

جمالِ مصطفیٰ سے بزمِ عالم یوں چمک اٹھی
کہ جیسے نور برساتا ہوا ماہِ مبیں آئے

(ش ۵،ص ۲۲۲)

شیباؔ حیدری

مجھ سے مت پوچھیے خوشی میری
یادِ طیبہ ہے زندگی میری

(ش۲،ص ۳۶۰)

شیداؔ اجبل پوری

مدت سے ہے اس دل میں تمنائے محمدؐ
شیدائے مدینہ ہوں میں شیدائے مدینہ

(ش ۱،ص ۳۷۶)

صابرؔ کاسگنجوی

وسیلہ ہے خدا کے قرب کا قربت محمدؐ کی
اطاعت ہے خدا کی اصل میں طاعت محمدؐ کی

(ش ۱۷،ص ۲۲۹)

صباؔ اکبرآبادی

دیارِ پاکِ رسالت مآبؐ دیکھا ہے
مدینہ دیکھا ہے ہم نے کہ خواب دیکھا ہے

(ش ۱،ص ۳۷۵)

اے کہ تیری ذات ہے وہم و تخیل سے بری
پستیِ افکار سے ثابت ہے تیری برتری

(ش ۹،ص ۴۷)

ہے ازل ہی سے فنا آثار گلزار حیات
اس میں کلیوں کو بقا ہے اورنہ پھولوں کو ثبات

(ش ۹، ص ۱۶۲۔۱۶۴)

اے محمد مصطفیؐ اے آبروئے کائنات

وہ ہے جس کو خدانے کی عطا اپنی صفات

(ش ۹، ص ۱۶۵۔۱۶۶)

(اردو ترجمہ: قصیدۂ نعمان)

اے شہِ شاہانِ دوعالم در پہ حاضر ہے گدا

کچھ نہیں مقصد عنایت اور بخشش کے سوا

(ش ۹، ص ۱۶۷۔۱۷۱)

(ولادت رسول ﷺ)

اس دور میں جب ظلم و شقاوت ہوا آئی ہے

انسان کا انسان گلا کاٹ رہا ہے

(ش ۹، ص ۱۷۲۔۱۷۶/ش ۱۳، ص ۱۷۸۔۱۸۲)

(معراج سرور دوعالم ﷺ)

روشن نہ ہو کیوں سواد تحریر

چمکی ہے سیاہیوں کی تقدیر

(ش ۹، ص ۱۷۷۔۱۷۹)

(حالت اسلام بوقت وفات رسول ﷺ)

گریاں جو تھے انصار تو اصحاب پریشاں

مصروف غم و رنج تھا ہر صاحب الفت

(ش ۹، ص ۱۸۰)

(وصال رسول اکرم ﷺ)

خواجۂ کونین سلطان جہاں شاہ عربؐ

آفتابِ ہاشمی، احمدؐ لقب والا نسب

(ش۹، ص ۱۸۱۔۱۸۳)

(مولانا جامی کے نعتیہ کلام کا منظوم ترجمہ)

سلام آپ پر اے نبی مکرمؐ

جواب آپ کا لائے کیا نسل آدم

(ش۹، ص۱۸۴)

(اللہ کی چاہت)

یہ فرمایا خدا نے جب کسی کو چاہتا ہوں میں

جو میرے دوست کا دشمن ہو اس سے جنگ کرتا ہوں

(ش۹، ص ۱۹۹)

(اللہ کی رضا)

نبیؐ نے رمز یہ عشق الٰہی کا بتایا ہے

جو محبوب زمانہ ہے وہی محبوب رب ہوگا

(ش۹، ص۲۰۰)

(صبر اور شکر)

خوش و خرم کوئی ہو اور کرے شکر خداوندی

ثواب اس کو بہت سا ہے بہت ہی اس کی عظمت ہے

(ش ۹، ص ۲۰۱)

(انہماک کا اجر)

کہا اللہ تعالیٰ نے کہ جب پڑھتے ہو تم قرآں

تو میرے حکم سنتے ہو عبادت میری کرتے ہو

(ش۹، ص۲۰۲)

(والد کی رضامندی اور ناراضی)

رسول حقؐ نے فرمایا رضا اللہ کی گر چاہو

نہ دو غم کوئی والد کو سدا تم ان کو خوش رکھو

(ش ۹، ص ۱۹۶)

(دعا کی قبولیت کا سبب)

خدا کا حکم یکساں ہے نبی پر اور لوگوں پر
عمل ہو یا کوئی بات، یا خوراک کی پاکی

(ش۹،ص ۱۴۷)

(اللہ کی توفیق)

کرم فرماتا ہے اللہ کسی بندے پہ جب اپنا
تو پھر خیر العمل کی اس کو وہ توفیق دیتا ہے

(ش ۹،ص ۱۹۸)

(حدیث قدسی)

حدیث قدسی کیا ہے فہم و دانش کی فراوانی
رسول اللہؐ کے الفاظ میں فرمان ربانی

(ش ۹،ص ۱۸۵۔۱۹۲)

(صلہ رحمی)

خدا کہتا ہے میں رحمان ہوں اور رحم کرتا ہوں
کہ لفظ رحم تو اک جزو ہے اسم الٰہی میں

(ش ۹،ص۱۹۳)

(اللہ کی محبت اور ناراضی)

خدا جب اپنے بندے سے محبت کرنے لگتا ہے
تو اس پر رحمتیں ہوتی ہیں نازل آسمانوں سے

(ش ۹،ص۱۹۴)

(صدقات)

خدا ہے پاک اس کو پاک صدقہ جو بھی دیتا ہے
کرم سے اپنے وہ صدقے کی عزت کو بڑھاتا ہے

(ش ۹،ص ۱۹۵)

(بڑائی اور بزرگی)

ہے فرمانِ خداوندی بڑائی میری چادر ہے
بزرگی ہے فقط زیبا مجھے ملبوس ہے میرا

(ش۹،ص۲۰۳)

(سب سے زیادہ عزت والا)

کہا اللہ نے موسیٰ سے میرے سارے بندوں میں
معزز بھی وہی ہے اور وہ ہے سب سے اچھا بھی

(ش ۹،ص۲۰۴)

(تواضع)

رسول حقؐ نے سمجھایا ہے یہ فرمانِ ربانی
تواضع امرِ لازم ہے برائے ذوق ایمانی

(ش۹،ص ۲۰۵)

(شراکت)

خدا کہتا ہے کرتا ہوں مدد میں ایسے لوگوں کی
شراکت میں جو رکھیں پاس اپنے عہد و پیماں کا

(ش ۹،ص ۲۰۶)

(تضمین بر نعت غالب)

خلق عظیم سرِّ نہاں محمدؐ است
وحدانیت، لوائے نشاں محمدؐ است

(ش ۹،ص ۲۰۷)

(ختم المرسلین آئے)

ہاشم کے خاندان میں ابھرا مہِ تمام
باقی رہی نہ دیر میں اب تیرگی شام

(ش ۹،ص ۲۰۸)

(امیر طیبہ.... رئیس بطحا)

ولادتِ مصطفےٰ کا دن ہے نظامِ ہستی چمک رہا ہے
سکوں ساماں ہے قلبِ فطرت تو کفر کا دل دھڑک رہا ہے

(ش۹،ص ۲۰۹۔۲۱۰)

(اے پاسبان ایماں)

اشعارِ نعتِ احمدؐ جب سے زبان پر ہیں
میں خود زمین پر ہوں لفظ آسمان پر ہیں

(ش۹،ص۲۱۰)

(زینت بزم شام وسحر)

مالکِ منزل بحر و بر آپؐ ہیں
وجہِ تخلیق ہر خشک و تر آپؐ ہیں

(ش ۹،ص۲۱۱)

(ارمانِ صبا)

چلو آؤ چلتے ہیں سوئے مدینہ
بہت دن سے ہے آرزوئے مدینہ

(ش ۹،ص ۲۱۱)

(دراحمدﷺ پر گدائی)

سانس کے ساتھ مہک سی دل و جاں سے آئی
جو ہوا آئی مدینے میں جناں سے آئی

(ش ۹،ص۲۱۲)

(اسم احمدﷺ زبان پر آیا)

نامِ احمدؐ زبان پر آیا
آفتاب آسمان پر آیا

(ش ۹،ص۲۱۲)

(یاد احمدﷺ کو کیسے ترک کروں)

ذاتِ احمدؐ خدا کی رحمت ہے
روشنی بزم کی ضرورت ہے

(ش ۹،ص۲۱۳)

(سلام اس پر کہ جس نے بسایا مدینہ)

جو قلب و نظر میں سمایا مدینہ
چلے جس طرف ہم تو آیا مدینہ

(ش ۹،ص۲۱۴)

(حضور اک نظر جانب عصیاں)

نگاہِ جہاں کو قرار آگیا
کہ محبوبِ پروردگارؐ آگیا

(ش ۹،ص۲۱۴)

(ادھر بھی مدینہ ادھر بھی مدینا)

سکھایا ہے یوں زندگی کا قرینا
ہمیں آگیا ہے سلیقے سے جینا

(ش۹،ص ۲۱۵)

(مرے سر پہ خاک مدینا بہت ہے)

یہی عاشقی کا قرینہ بہت ہے
مرے دل میں شوقِ مدینہ بہت ہے

(ش۹،ص۲۱۵)

(سلام شوق پہنچا دے صبا کا)

پھر ایک مطلع لب مدحت سرا سے
فضا گونجے ذرا صل علیٰ سے

(ش ۹،ص ۲۱۶۔۲۱۷)

(شبِ معراج)

آتا ہے نظر طور کا جلوہ شبِ معراج
معمورۂ انوار ہے دنیا شبِ معراج

(ش۹،ص۲۱۸)

(کچھ نہیں کائنات میں، تم ہو)

ہر طرف کائنات میں تمؔ ہو
صرف بزمِ حیات میں تمؔ ہو

(ش۹،ص۲۱۹)

وسیلہ کیا ہے سوائے محمدِؐ عربی
خدا ملا تو خدائے محمدِؐ عربی

(ش۹،ص۲۲۰)

دوا کا فائدہ کیا کیوں دوا دے
مجھے اے چارہ گر خاکِ شفا دے

(ش۹،ص۲۲۱)

حمد سراپا نام محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
خاک پہ بستر عرش پہ مسند صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(ش۹،ص۲۲۲)

وہ بزم پُر انوار کہاں اور کہاں میں
سرکار کا دربار کہاں اور کہاں میں

(ش۹،ص۲۲۳)

کس نور کی شمع جل رہی ہے
سائے سے بھی لو نکل رہی ہے

(ش۹،ص۲۲۴)

